بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسلاف کی سیاست اور جمہوریت

قرآن مجید
ہم نہیں مانتے
بھوک ہڑتال
نامنظور
مردہ باد
ہم حکومت نہیں کرنے دینگے

اسلام میں نظام امارت اور امیر کی اہمیت

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم○

محترم قارئین ! اسلام میں جماعتی نظم کے اندر زندگی بسر کرنا لازمی اور ضروری امور میں سے ہے‘ نبی کریم ﷺ نے ابتداء ہی سے جب کہ ابھی چند شخص ہی دائرہ اسلام میں داخل ہوئے تھے ان کی جماعت بندی کر دی تھی اور ان کو امیر اور مامور کا نظریہ سمجھا دیا تھا۔ پھر جب مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ کو ہجرت کے بعد مسلمانوں کو ایک آزاد فضا میسر آئی تو فوراً" ایک منظم جماعتی نظام حکومت کی بنیاد رکھ دی اور جماعت بندی کو اس حد تک وسیع کیا کہ اگر دو آدمی اکٹھے ہی سفر کریں تو ہدایت فرمائی کہ ان میں سے ایک کو امیر بنا لیا جائے اور دوسرا اس کے ساتھ تابع فرمان ہو کر سفر کرے تو ظاہر ہے کہ جب اس طرح کے وقتی اور عارضی امور میں امیر اور مامور کا قیام ضروری تھا تو زندگی کے باقی کسی بھی معاملے کو امارت کے نظام کی سرپرستی میں لئے بغیر کیسے چھوڑا جا سکتا ہے! لہٰذا زندگی کا ہر شعبہ نظام امارت میں ایسا منظم اور مرتب کر دیا گیا کہ دنیا کا کوئی نظام آج تک اس کی نظیر اور مثال پیش نہیں کر سکا۔

کفر کے مقابلے میں اسلام قبول کرنے کا مقصد ہی یہ ہے کہ ہم اس جہان فانی میں اللہ کے احکام کے مطابق زندگی بسر کریں تا کہ آخرت میں اللہ کے عذاب سے بچ کر آرام کی جگہ یعنی جنت میں پہنچ جائیں۔ احکام الٰہی میں ایمان کے بعد جس طرح نماز‘ روزہ‘ زکوۃ اور حج ضروری امور ہیں اور اپنی حیثیت کے مطابق ان امور کو دانستہ اور بلا عذر بجا نہ لانے والا شرعی اعتبار سے مجرم اور گناہ گار ہے۔ اللہ اس سے ناراض ہوتا ہے اور قیامت کو وہ گرفتار عذاب ہو گا۔ بالکل اسی طرح ایک سچے مسلمان کے لئے جماعت میں شامل ہو کر ایک امیر کی سرکردگی میں زندگی بسر کرنا فرض ہے اور بلا عذر شرعی جماعت سے دور رہنا‘ کٹنا یا معروف میں امیر کی نافرمانی کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔ یہ مسئلہ بڑا اہم اور بنیادی ہے۔ مگر غیر اسلامی ماحول نے ہمیں اسلامی قدروں سے باغی بنا دیا ہے اور ہمیں اب اس کا صحیح شعور بھی باقی نہیں رہا۔

سورۃ آل عمران میں ارشاد باری تعالی ہے۔ کنتم خیر امۃ اخرجت للناس یعنی تم بہترین امت ہو جو لوگوں کے لئے دنیا میں بھیجے گئے ہو۔ سورہ بقرہ میں حضرت ابراہیم

علیہ السلام کی وہ دعا درج ہے جو انہوں نے اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ساتھ مل کر تعمیر کعبہ کی تکمیل کے وقت کی۔ اس میں جہاں اللہ سے یہ درخواست کی کہ میری اولاد میں سے ایک معزز رسول بھیج' وہاں یہ بھی درخواست کی **ربنا و اجعلنا مسلمین لک و من نریتنا امۃ مسلمۃ لک** کہ اے ہمارے رب ہمیں بھی اپنا فرمانبردار بنا اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک مسلمان جماعت پیدا فرما۔ ان آیات میں مسلمانوں کو جماعت کہا گیا ہے یعنی مسلمان ہمیشہ ایک جماعتی زندگی بسر کرتے ہیں۔ جماعت سے کٹ کر رہنا مسلمان کا کام نہیں۔ سورۃ البلد میں فرمان الٰہی ہے کہ جہنم کی گھاٹی وہی سر کرتا ہے جو غلام آزاد کرے یا انتہائی بھوک اور بد حالی کے ماحول میں اپنی تنگی اور فاقہ کشی کے باوجود کسی رشتے دار یتیم کو یا کسی غریب بے کس کو کھانا کھلائے۔

ثم کان من الذ ین امنوا وتواصوا بالصبر و تواصوا بالمرحمۃ○ اولئک اصحب المیمنۃ○ پھر وہ ان میں سے ہو جو ایمان لائے ہیں اور ایک دوسرے کو صبر اور رحم کی تلقین کرتے رہے۔ یہی لوگ جنتی ہیں--- یعنی ان تمام اچھے اوصاف و اعمال کے ساتھ ساتھ وہ جماعت اہل ایمان کا رکن ہو۔ ان کا ایک عضو اور جزو ہو۔ کہ تنہا کوئی کسی کو صبر اور رحم کی کیا تلقین کرے گا؟

احادیث رسول ﷺ میں بھی جماعت کے ساتھ رہنے کی تاکید اور اس سے علیحدگی اختیار کرنے پر سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔ چنانچہ ارشاد نبوی ہے۔

۱) **من خلع یدا من طاعۃ لقی اللہ یوم القیامۃ ولا حجۃ لہ و من مات و لیس فی عنقہ بیعۃ مات میتۃ جاھلیۃ** کہ جو شخص اطاعت امیر سے ہاتھ کھینچے گا وہ قیامت کو جب اللہ کے ہاں پیش ہو گا تو اس کے پاس اپنی بریت کی کوئی دلیل نہ ہو گی اور جو شخص اس حال میں مرا کہ اس کی گردن میں امیر کی بیعت کا ہار نہ ہو' وہ جہالت کی موت مرا۔ (مسلم)

۲۔ ایک اور مقام پر فرمایا **من خرج من الطاعۃ و فارق الجماعۃ فمات مات میتۃ جاھلیۃ** اس ارشاد کا مفہوم بھی وہی ہے یعنی جو شخص اطاعت امیر سے نکلے اور جماعت سے علیحدہ ہو اور اسی حال میں اس کو موت آ جائے تو وہ جہالت کی موت مرا۔ (مسلم)

۳۔ بعض لوگ امیر یا اپنے رفقاء سے بعض شکایات کو عذر بنا کر جماعت سے علیحدگی

اختیار کر لیتے ہیں۔ مگر اسلامی تعلیمات کی رو سے اس کی قطعاً گنجائش نہیں ہے ہر حال میں جماع کے ساتھ رہنا اور اپنا فرض ادا کرنا ضروری ہے ارشاد گرامی ہے۔ **من رای من امیره شیئا یکرهه فلیصبر۔ فانة لیس من احد یفارق الجماعة شبرا" فیموت الا مات میتة جاهلیة** (بخاری و مسلم)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے امیر میں کوئی ایسی بات دیکھے' جو اسے ناپسند ہو تو وہ اس پر صبر کرے کیونکہ بے شک جو شخص جماعت سے ایک بالشت بھر بھی دور ہو گیا اور اسی حال میں اس کو موت آ گئی تو وہ جہالت (کفر) کی موت مرا۔

۴۔ ایک موقع پر نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے بعد تم دیکھو گے کہ امراء غلط لوگوں کو ترجیح دیتے ہیں اور کچھ ایسے معاملات بھی دیکھو گے جن کو تم اوپرا اور ناجائز سمجھتے ہو گے۔ صحابہ کرام ؓ نے عرض کیا کہ حضور ﷺ آپ اس بارے میں ہمیں کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ تو آپ نے فرمایا کہ تم اپنی طرف سے ان امراء کا حق ادا کر دینا اور اپنے حقوق کے لئے اللہ سے دعا کرنا۔ **ادوا الیهم حقهم و سلو الله حقکم** (متفق علیه)

۵۔ ایک دفعہ نبی کریم ﷺ سے سوال ہوا کہ اگر امراء اپنے حقوق کا ہم سے مطالبہ کریں لیکن ہمارے حقوق دبا لیں تو اس صورت میں آپ ہمیں کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ آپ ؐ نے فرمایا **اسمعوا واطیعوا فانما علیهم ماحملوا و علیکم ماحملتم** (مسلم) یعنی ان کی مانو! اور تمہارے ذمہ تمہارا فرض ہے اور ان کے ذمہ ان کا فرض۔

مندرجہ بالا ارشادات سے واضح ہے کہ امراء سے خدانخواستہ اگر کچھ ایسا بھی سرزد ہو جائے جو بظاہر معیوب ہو تو اس کو بہانہ بنا کر جماعت سے علیحدگی پھر بھی کسی صورت جائز نہیں۔ بلکہ صبر' حوصلہ' اور برداشت سے کام لینا اور جماعت کے ساتھ رہنا ضروری ہے۔

۶۔ بخاری شریف میں حضرت عبادہ ابن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی اور اپنے ساتھ دیگر صحابہ کرام ؓ کی بیعت کا ذکر فرماتے ہیں جو صورتحال کو بہت زیادہ واضح کرتا ہے۔ فرمایا!

بایعنا رسول الله صلی الله علیه وسلم علی السمع والطاعة فی العسر والیسر

والمنشط والمكره و على اثرة علينا و على ان لا ننازع الامر اهله و على ان نقول بالحق اينما كنا لانخاف فى الله لومة لائم و فى رواية و على ان لا ننازع الامر اهله الا ان تروا كفرا بواحا عندكم من الله برهان (متفق علیہ)

یعنی ہم نے رسول اللہ ﷺ کے مبارک ہاتھ پر بیعت کی کہ ہم تنگی اور فراخی اور خوشی اور غمی (ہرحال) میں آپ کی سنیں گے اور مانیں گے اور اس حال میں بھی ہم آپ کی اطاعت کریں گے جب ہم پر اوروں کو ترجیح دی جائے اور عہد کیا کہا کہ اہل امارت کے اختیارات میں دخل اندازی نہ کریں گے اور جہاں کہیں ہوں گے' حق بات کہیں گے اور اللہ کی حمایت کرتے ہوئے کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کریں گے اور ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ اہل اقتدار کے ساتھ معارض نہ ہوں گے جب تک ان سے ایسا واضح کفر ثابت نہ ہو جائے جس میں تمہارے پاس اللہ کی طرف سے دلیل موجود ہو۔ (بخاری و مسلم)

اس حدیث مبارکہ میں بیعت اگرچہ رسول رب العالمین کے ساتھ مذکور ہے مگر ساتھ ہی آپؐ کے بعد امت کا نظام اور امت کے لئے نمونہ اور مثال بھی تو آپ ہی کی ذات و الا صفات ہے۔ **لقد كان لكم فى رسول الله اسوة حسنة**اللہ اور رسول اللہ کے ان فرامین کی روشنی میں امیر کی اطاعت ضروری ہے معروف میں اس کا حکم ماننا فرض ہے اس کا نافرمان اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا نافرمان ہے۔ کیونکہ ارشاد ربانی ہے۔ **یاایها الذ ین امنوا اطیعوا الله واطیعوا الرسول و اولی الامر منکم** (النساء) یعنی اے ایمان والو! تم اللہ کی بات مانو اور اللہ کے رسول ﷺ کی بات مانو اور جو تم کو اللہ اور رسول ﷺ کی راہ پر چلائے۔ اللہ کی اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت مطلق اور اپنی ذات میں مستقل ہے مگر اولی الامر یا امیر کی اطاعت مقید اور مشروط ہے اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کے ساتھ! اس فرق کے ساتھ امیر کی اطاعت یقیناً لازمی ہے۔ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے بہترین ائمہ (امراء اور حاکم) وہ ہیں جن کو تم پسند کرو اور وہ تم کو پسند کریں۔ تم ان کے لئے دعائے خیر کرو اور وہ تمہارے لئے دعائے خیر کرتے ہوں۔ اور تمہارے بد ترین (امراء و حاکم) وہ ہیں۔ جن پر تم لعنت کرو اور وہ تم پر لعنت کریں۔ (صحابہ کرامؓ کا بیان ہے

ہ) ہم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ان حالات میں ہم ان سے اپنی بیعت کا عہد توڑ نہ ڈالیں؟ تو آپ ؐ نے فرمایا ہرگز نہیں جب تک وہ تم میں نماز کا نظام قائم رکھیں اور خبردار سنو! **من ولی علیه وال فراه یاتی شیئا من معصیة اللّٰه فلیکره من معصیة اللّٰه ولا ینزعن ید ا من طاعة** کہ جس شخص پر کوئی ولی (امیر، حاکم یا سربراہ) بنایا جائے تو اس میں جو کچھ اللہ کی نافرمانی کا عمل دیکھے اس سے بے زاری کا اظہار کرے لیکن اطاعت سے سرتابی بالکل نہ کرے۔ (مسلم)

سورہ نور کی آیات ۶۲ اور ۶۳ میں اطاعت امیر کے آداب سکھائے گئے ہیں۔ ارشاد ربانی ہے کہ بے شک مومن تو وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لائے اور

انا کانوا معه علی امر جامع لم یذ هبوا حتی یستاذ نوا

یعنی جب وہ رسول ﷺ کے ساتھ کسی اہم معاملے میں اکٹھے ہوتے ہیں تو بلا اجازت مجلس سے اٹھ کر نہیں جاتے یقیناً" یہی لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لانے والے ہیں۔ چنانچہ جب یہ آپ ؐ سے اپنی کسی ضرورت کے لئے اجازت مانگیں تو آپ جس کو مناسب سمجھیں اجازت دے دیں اور ساتھ ہی اللہ غفور و رحیم سے اس کے حق میں مغفرت کی دعا کریں (۶۲) رسول اللہؐ کے بلاوے کو (اے ایمان والو!) تم آپس کے ایک دوسرے کے بلاوے کی طرح نہ سمجھو۔ اللہ ان کو اچھی طرح جانتے ہیں جو ایک دوسرے کی آڑ لے کے چپکے سے کھسک جاتے ہیں۔ چنانچہ جو لوگ اس (نبیؐ) کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں ان کو ڈرنا چاہئے کہ وہ (دنیا میں) کسی فتنے کا شکار نہ ہو جائیں یا (آخرت میں) دردناک عذاب میں جھونک دیئے جائیں (۶۳)

علی امر جامع کی تشریح میں امام شوکانیؒ فرماتے ہیں!

ای علی امر طاعة یجتمعون علیها۔ نحو الجمعة، والنحر والفطر والجهاد و اشباه نلک

یعنی اس سے مراد ہے صحابہؓ کا اطاعت میں حضور کے ساتھ جمع ہونا جیسے جمعہ عیدین جہاد اور اور ان سے مشابہ دوسرے مواقع پر نیز لکھتے ہیں۔ کہ

اعلم ان المؤمنين انا كانوا مع نبه فيما يحتاج فيه الى الجماعة لم يذ هبوا حتى يستاننوه و كذ لك ينبغى ان يكونوا مع الامام لا يخالفونه ولا يرجعون عنه فى جمع من جموعہم الاباذ نه وللامام ان ياذ ن له و ان لا ياذ ن على ما يرى لقوله تعالى فاذ ن لمن شئت

یعنی آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ مسلمان جب رسول ؐ اللہ کے ساتھ کسی ایسے معاملے میں اکٹھے ہوتے جس میں آپ ؐ کو ان کے اجتماع کی ضرورت ہوتی تو وہ آپ ؐ کی اجازت کے بغیر وہاں سے ہرگز نہ جاتے اور اسی طرح ان کو یہی زیبا اور لائق ہے کہ اپنے امراء کا ساتھ دیں ان کی مخالفت نہ کریں اور اپنے کسی اجتماع میں علیحدہ نہ ہوں اور اس کی اجازت کے بغیر نہ جائیں اور امام (امیر) کو اختیار ہے کہ حالات کے مطابق کسی کو اجازت دے یا نہ دے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ تو جس کو چاہے اجازت دے۔ نیز فرمایا

قال العلماء كل امر اجتمع عليه المسلمون مع الامام لايخالفونه ولا يرجعون عنه الا باذ نه (فتح القدیر جلد ۴۔ سورہ نور)

یعنی علماء کا یہ فیصلہ ہے کہ ہر وہ معاملہ جس میں مسلمان اپنے امام (امیر) کے ساتھ (جب) اکٹھے ہوں تو اس کی مخالفت نہ کریں اور نہ اس کو بلا اجازت چھوڑ کر جائیں۔

قارئین کرام! یہ قرآن اور علماء کی ہدایت ہیں اور اب مزید ایک ارشاد نبی ﷺ کا ملاحظہ فرمائیے۔

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔

من اطاعنى فقد اطاع الله و من عصانى فقد عصى الله و من يطع الامير فقد اطاعنى و من يعص الامير فقد عصانى (متفق علیہ)

یعنی جو میری اطاعت کرے، اس نے اللہ کی طاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی، اس نے اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے امیر کی نافرمانی کی، اس نے میری نافرمانی کی۔ (بخاری و مسلم)

اور آخر میں امیر کی اطاعت کی تحدید کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے **السمع والطاعة على المرء المسلم فيما احب و كره ما لم**

یؤمر لمعصیة فاذا امر لمعصیة فلا سمع ولا طاعة (متفق علیه)
یعنی ایک مسلمان شخص پر اپنے امیر کی بات سننا اور ماننا ضروری ہے چاہے اس کو وہ پسند ہو یا ناپسند بشرطیکہ امیر کا یہ حکم اللہ یا رسول ﷺ اللہ کی نافرمانی کا سبب نہ بنتا ہو اگر یہ حکم اللہ اور رسول کی نافرمانی کے زمرے میں آئے تو پھر نہ وہ بات سنی جائے گی اور نہ مانی جائے گی۔ (بخاری)

اسی طرح ارشاد گرامی ہے۔ **لا طاعة فی معصیة انما الطاعة فی المعروف** (متفق علیہ)

یعنی اللہ اور رسول کی نافرمانی کرتے ہوئے کسی کی نہ مانی جائے۔ اطاعت امیر صرف جائز امور میں ہو گی۔ (بخاری و مسلم)

اور شرح السنہ کی حدیث میں ایک کلیے قائدے کے طور پر بتا دیا گیا۔ **لا طاعة لمخلوق فی معصیحة الخالق** کہ کسی بھی ایسی صورت میں کسی بھی مخلوق کی اطاعت نہ کی جائے گی جس سے خالق برحق کی نافرمانی ہوتی ہو۔

یہ ارشادات نبوی ؐ اطاعت امیر کی حد بندی کرتے ہیں اور اطاعت خالق کے استقلال اور اطاعت اولی الامر کے مشروط و مقید ہونے کا مختصر تعارف اور خاکہ ہے طالب حق کو ان شاء اللہ بہت کچھ حاصل ہوتا ہے۔

پروفیسر محمد شفیع ناطق رحمۃ اللہ علیہ

دعوت و جہاد کی تحریک پر اٹھنے والے سوالات

(ا) السلام علیکم

(ب) و علیکم السلام و رحمتہ اللہ و برکاتہ

(ا) سنایئے کیا حال ہے ؟

(ب) میں آپ ہی کا انتظار کر رہا تھا۔ اچھا ہوا آپ تشریف لے آئے۔

(ا) میں تو حاضر ہوں۔

(ب) یہ جو آپ لوگوں نے مرکز الدعوۃ والارشاد بنا رکھا ہے۔ اس کے بارے میں مجھے ذرا بتائیں۔

(ا) مرکز الدعوۃ والارشاد ایک دعوتی و جہادی ادارہ ہے۔ اس کے قیام کا مقصد کتاب و سنت کے مسلک کی بنیاد پر دعوت و جہاد کے منہج پر لوگوں کو جمع کرنا ہے۔ ہم نہ تو کوئی فرقہ وارانہ ذہن رکھتے ہیں نہ جماعتی سیاسی دھڑے بندی سے ہمارا کوئی تعلق ہے۔ (کہ جن کا مسلک کتاب و سنت ہے فرقہ وارانہ مذہب نہیں) سلفیت کو زندہ کرنا' دھڑے سازی یا گروہ سازی کی بجائے ایسے افراد تیار کر رہے ہیں۔ جو اللہ کے رسول کی جماعت کو زندہ کر سکیں۔

(ب) افراد کی تیاری کا کیا مطلب ہے۔؟

(ا) ہم مسلمانوں کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ان کا اصل کام لوگوں کو قرآن و سنت کی دعوت دینا ہے اور اس راستے میں آنے والی رکاوٹوں اور مشکلات کو دور کرنے کے لئے جہاد کرنا ہے۔ ہم اس کام کو چھوڑ چکے ہیں۔ دعوت و جہاد ایک ہی چیز کے دو پہلو ہیں۔ آنحضرت ﷺ کی مکی اور مدنی زندگی دعوت و جہاد سے عبارت ہے۔ مکہ میں دعوت و جہاد کی شکل اور ہے۔ مدینہ میں شکل اور ہے لیکن دعوت و جہاد دونوں ساتھ ساتھ رہے ہیں۔ یہی وہ راستہ تھا جس کے نتیجہ میں خلافت اسلامیہ قائم ہوئی۔ آج بھی اسی طریقہ پر خلافت کا قیام ممکن ہے۔

(ب) آپ کا مطلب یہ ہے کہ اب ہم تبلیغی جماعت والا کام شروع کر دیں۔

(ا) اللہ کے بندے آپ سمجھے ہی نہیں۔ دعوت و جہاد کا تبلیغی جماعت سے کیا تعلق تبلیغی جماعت کا مسلک فرقہ وارانہ ہے۔ اس لئے وہ اپنے مسلک کی دعوت نہیں دے

سکتے اور نہ ہی اس مسلک کے لئے جہاد کیا جا سکتا ہے۔ اس لئے ان کی تبلیغ محض فضائل اعمال کی ہوتی ہے۔ جو کہ ان کی مجبوری ہے۔ عقائد و مسائل ان کی تبلیغ سے خارج ہیں۔ کیونکہ یہ چیزیں حق و باطل میں تمیز کی بنیاد ہیں اس لئے وہ اس طرف نہیں آتے۔ تبلیغی جماعت کا کام تو محض لوگوں کو صوفی بنانا ہے۔ ان کے پاس کوئی صحیح فکر ہی نہیں۔ محض فضائل کی تبلیغ ہے جس سے لوگوں کی کچھ نہ کچھ اخلاقی حالت تو بہتر ہو سکتی ہے۔ حق و باطل میں تمیز کرنے کے لئے کوئی بصیرت پیدا نہیں ہوتی۔ بلکہ اس کے برعکس تقلیدی ذہنیت پختہ ہوتی ہے۔ جب کہ ہمارا کام تو لوگوں میں بصیرت پیدا کرنا ہے اور دین کے احیاء کے لئے جہاد فی سبیل اللہ کی تیاری کرنا ہے ہماری دعوت میں اتنی جان ہے کہ باطل کبھی اس کو برداشت نہیں کر سکتا۔ نتیجتاً" وہ اس کے مقابلہ کے لئے میدان میں آئے گا۔ اور اس کے مقابلہ کے لئے میدان جہاد ہے...... نہ کہ جمہوریت..... جو جماعت اسلامی اور دیگر دینی جماعتوں نے بھی غلطی سے اپنا رکھی ہے۔ اور مسلسل ناکامی ہو رہی ہے۔ جمہوریت تو حق و باطل میں صلح کرواتی ہے۔ جب کہ جہاد سے حق غالب آتا ہے اگرچہ عددی کثرت حاصل نہ بھی ہو بلکہ اہل حق کی اقلیت کو باطل کی اکثریت پر غلبہ نصیب ہو جاتا ہے اور اسی راستے سے خلافت کا قیام بھی ممکن ہے۔

(ب) آپ کا خیال ہے کہ موجودہ سیاست سے ہم بالکل لاتعلق ہو جائیں۔

(ا) نہیں ہمارا تو موجودہ سیاست سے بڑا گہرا تعلق ہے۔ ہم ہی نے اس کفر کی سیاست کو مسلمان کرنا ہے۔ لیکن جہاں تک اس سیاست سے سمجھوتہ کرنے والی بات ہے ایسا ستم ہم نہیں کر سکتے۔ ہماری سیاست دعوت و جہاد کے ذریعے خلافت و امارت کے قیام کی جدو جہد ہے۔

(ب) ہم نے آخر اس ملک میں زندہ رہنا ہے۔ اگر آپ جمہوریت کو ترک کر دیتے ہیں تو آپ اپنے حقوق کی حفاظت نہیں کر سکتے۔

(ا) کیوں نہیں! جمہوریت ہمارے حقوق کی قطعا محافظ نہیں آپ سمجھتے ہیں کہ ہم الیکشن میں حصہ لے کر اپنے حقوق کی حفاظت کر لیتے ہیں۔ یہ محض دھوکہ ہے ہم اہل حدیث اگر اپنے حقوق لینا چاہتے ہیں تو ہمیں ایک امیر کے تحت منظم ہونا ہو گا۔ حکومت کوئی بھی

ہو وہ منظم گروہ کی بات سنتی ہے۔ مثلاً قادیانیوں یا اسماعیلیوں کو دیکھ لیجئے کہ ان کی کوئی سیاسی جماعت نہیں مگر وہ اپنے حقوق منواتے ہیں اور پھر ہمارا سب سے بڑا حق یہ ہونا چاہئے کہ ہمیں تو صرف اسلام چاہئے حکومت کسی کی بھی کیوں نہ ہو ہم اس کو دعوت دیں کہ وہ اسلامی نظام حکومت اپنائے۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتی تو ہمیں کلمہ حق کہنا چاہئے۔ خواہ ہمیں اس کے لئے قید و بند کی صعوبتیں ہی کیوں نہ برداشت کرنا پڑیں۔ ہم حکمرانوں کو بتائیں کہ خلافت کا نظام ہی اسلام کا نظام ہے۔ جس کے بغیر حکومت کفر کی حکومت ہوتی ہے۔ حکومت اور مملکت کا دستور صرف کتاب وسنت کو قرار دیا جائے۔ اس کے علاوہ کوئی چیز دستور نہیں ہو سکتی اور نہ ہی اس کو دستور تسلیم کیا جا سکتا ہے۔ لیکن یہ تب ممکن ہے جب ہم خود اپنی جماعت میں ایسا مثالی نظام (نظام امارت) قائم کر دکھائیں۔ ہمارا امیر ایک ہو اور اس کی سمع و طاعت میں زندگی گزاریں۔ ہر مسجد کی سطح پر بھی ایک امیر ہو جو اپنے علاقہ کے لوگوں کے لئے قاضی کا کام بھی کرے۔ ہمارے باہمی جھگڑوں کا فیصلہ وہ امیر کتاب و سنت کے مطابق کرے۔ ہم کفر اور انگریز کے قانون کی عدالتوں کا عملاً" بائیکاٹ کریں۔ لوگ ہمیں دیکھیں اور پکار اٹھیں کہ یہ اسلام کا نظام ہے۔ ہم یہی تربیت جماعت کے افراد کی کر رہے ہیں اور قائدین کو بھی یہی سمجھا رہے ہیں۔

(ب) مشن تو آپ کا زبردست ہے مگر یہ کام بڑا مشکل ہے۔

(ا) دیکھئے! مشکل کو آسان کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ ہم اگرچہ منزل پر دیر سے ہی کیوں نہ پہنچیں۔ لیکن ہمیں صحیح راستہ میں قدم اٹھانا چاہئے۔

(ب) موجودہ جماعتی صلح کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟

(ا) جب تک ہم جمہوری سیاست سے وابستہ رہے اور اپنی جماعت کو خالص شرعی نظام جو کہ امارت کا نظام ہے سے وابستہ نہ کیا ہر اتحاد اور صلح ناپائیدار ہو گی برصغیر میں اہل حدیث کی تاریخ دعوت جہاد سے معمور ہے۔ جمہوریت نے ہمیں جہاد کی راہ سے ہٹا دیا ہے۔ ہم جلسے، جلوسوں اور نعروں ہی کو جہاد سمجھ بیٹھے ہیں حتیٰ کہ "نوبت بایں جا رسید" کہ اب ایک دوسرے کے خلاف کوششیں ہی جہاد سمجھی جاتی ہیں۔ ہم جمہوریت کو چھوڑ کر دعوت و جہاد کے منہج کو اختیار کریں تب ہمارا اتحاد ہو گا اور اس راستے پر

خلافت و امارت کا نظام قائم ہو گا۔

(ب) موجودہ حالات میں ہم جہاد کیسے کر سکتے ہیں۔

(ا) جہاد کے لئے محض اسلحہ ہی نہیں اٹھانا ہوتا کلمہ حق کو بلند کرنا بھی جہاد ہے۔ بلکہ جابر سلطان کے سامنے تو یہ افضل جہاد ہے اپنے ملک میں ہم جہاد کی یہی شکل اختیار کریں اور بوسنیا و کشمیر وغیرہ کے علاقوں میں جاری مسلح جہاد میں شریک ہو کر یہ فریضہ سرانجام دیں۔

مگر ہمارے بزرگ تو کلمہ حق کہنے کی بجائے نظام کفر سے صلح کر بیٹھے ہیں۔

(ب) صلح تو نہیں کی۔ ہمارے اکابرین کلمہ حق تو کہتے ہی رہتے ہیں۔

(ا) جمہوریت کے ساتھ سمجھوتہ کرنے کے بعد کلمہ حق کہنے کا کوئی وزن نہیں رہتا اور نہ ہی یہ درست طریقہ ہے۔ .... جمہوریت کو قبول کر کے کلمہ حق بلند کرنے کی کوشش کرنا اپنے آپ کو دھوکہ دینے کے مترادف ہے۔ آپ دیکھتے نہیں جمہوریت نے ایک عورت کو سربراہ مملکت بنا دیا۔ کتنے علماء ہیں جنہوں نے کلمہ حق کہا لیکن ان سب کا جواب وہ یہ دیتی رہی کہ "میں ۷۳ء کے آئین کے مطابق جمہوریت کے ذریعے برسراقتدار آئی ہوں۔"

(ب) ۷۳ء کا دستور قرآن و سنت سے بالا تر تو نہیں ہو سکتا۔

(ا) رونا تو اسی بات کا ہے کہ ہم نے قرآن و سنت کو چھوڑ کر ۷۳ء کا خود ساختہ دستور قبول کر لیا ہے۔ اگر ہمارے ملک کا دستور کتاب و سنت ہوتا تو عورت کبھی سربراہ نہ بن سکتی۔

(ب) علماء نے کلمہ حق تو کہا ہے کہ یہ غیر شرعی حکمرانی ہے۔

(ا) لیکن وہی علماء انہی اسمبلیوں میں موجود ہیں اسی آئین کا حلف دے چکے ہیں۔ جس نے عورت کو حکمران بنایا ہے۔ اب بتایئے اس کلمہ حق کو کلمہ حق کہا جا سکتا ہے۔ جس میں جمہوریت سے محبت بدستور موجود ہے' نہ شیطان ناراض ہو اور راضی رہے رحمان بھی؟! یہ کھلی منافقت ہے۔ اور یہ جمہوریت کا تحفہ ہے جو دینی سیاسی جماعتوں کو

نصیب ہوا ہے۔

(ب) ہماری جمہوریت تو اسلامی ہے مغربی نہیں ہے۔ کہ اس میں قرآن سے ہٹ کر بھی فیصلہ کیا جا سکے۔

(ا) آپ کتنے بھولے ہیں کفر کو اسلامی بنا رہے ہیں! کفر بھی کبھی اسلامی ہوتا ہے؟ جمہوریت کفر ہے خواہ امریکہ و فرانس میں ہو یا پاکستان میں۔ جس طرح سوشلزم اور کمیونزم کافروں کے نظام ہیں یہ اسلامی نہیں ہو سکتے اسطرح جمہوریت کافروں کا نظام ہے یہ کبھی اسلامی نہیں ہو سکتا۔ جس طرح اسلام کا کمیونزم و سوشلزم سے تصادم ہے بعینہ جمہوریت سے بھی تصادم ہے۔

(ب) آپ اسلامی جمہوریت کو بھی کافرانہ سیاسی نظام ہی سمجھتے ہیں؟

(ا) آپ اسلامی سوشلزم کو کافرانہ معاشی نظام سمجھتے ہیں؟

(ب) سوشلزم تو اسلامی ہو ہی نہیں سکتا۔

(ا) پھر جمہوریت کس طرح اسلامی ہو سکتی ہے۔

(ب) جمہوریت تو محض حکومت کی تبدیلی کا ایک ذریعہ ہے یہ کوئی خاص نظام نہیں جس کو ہم اسلام سے متصادم سمجھیں۔

(ا) جمہوریت ایک نظام ہے محض حکومت کی تبدیلی کا ذریعہ نہیں۔ اس کو مسلمانوں نے نہیں انگریزوں نے ایجاد کیا ہے۔ جس کا مطلب عوام کی حاکمیت ہے۔ آپ کہتے ہیں جمہوریت اسلام کے منافی نہیں---- حالانکہ ---- جمہوریت تو اسلام کے بنیادی عقیدے ان الحکم الا للہ (قانون صرف اللہ کا ہے) سے متصادم ہے کیونکہ جمہوریت میں قانون انسان کا چلتا ہے۔ انسان کے لئے انسان ہی قانون بناتے ہیں جبکہ اسلام میں قانون بنا بنایا آسمان سے نازل ہوا ہے۔ قانون سازی کا اختیار تو اللہ نے اپنے نبی کریم کو بھی نہیں دیا--- اور یہاں انسان اللہ کے مقابلے میں قانون سازی کا اختیار رکھتے ہیں۔

(ب) تعجب، ہے! یہ کون بیوقوف کہتا ہے کہ جمہوریت میں اللہ کے مقابلے میں قانون سازی ہوتی ہے۔ ہمارے دستور ۱۹۷۳ء میں یہ بات طے کی گئی ہے کہ اسمبلی کوئی قانون قرآن و سنت کے منافی نہیں بنا سکتی۔

(ا) آپ کیسی بات کرتے ہیں ہمارے دستور میں قرآن و سنت کو بعینہٖ اس طرح تسلیم کیا گیا ہے جس طرح بریلوی (ہمارے ہاں اس مکتب فکر کے لوگ غلطی سے اپنے آپ کو اہل سنت والجماعت کہتے ہیں حالانکہ اصلی اہلسنت والجماعت وہ لوگ ہیں جو صرف قرآن و حدیث کو اپنا مذہب قرار دیتے ہیں۔ اور صحابہ کے طریقے کو اختیار کرتے ہوئے فرقہ وارانہ تقلیدی و سیاسی گروہ بندیوں سے الگ تھلگ دعوت و جہاد کے نبوی منہج پر گامزن ہیں۔ جبکہ بریلوی حضرات احمد رضا خان بریلوی کے عقائد اختیار کرتے ہی۔ جو قرآن و سنت اور صحابہ کے طریق کے منافی ہیں۔ لہٰذا یہ اہل سنت نہیں) توحید کو تسلیم کرتے ہیں۔ کوئی بریلوی ایسا آپ کو نہیں ملے گا جو یہ کہتا ہو کہ فلاں بزرگ ہمارا معبود ہے۔ یا ہم فلاں بزرگ کی عبادت کرتے ہیں۔ حالانکہ وہ جو کچھ بزرگوں سے کرتے ہیں ہوتی ان کی عبادت ہی ہے۔ مثلاً" یہ حضرات یا علی مدد اور یارسول اللہ مدد کے نعرے لگاتے ہیں جو کہ غائبانہ پکار ہے۔ اور غائبانہ پکار عبادت ہے ادر عبادت صرف اللہ کی ہوتی ہے اس لئے یہ شرک ہے۔ لفظ بدل لینے سے حقیقت تو نہیں بدل سکتی۔ اسی طرح ۷۳ء کے دستور میں اللہ کی حاکمیت اور قرآن و سنت کو تسلیم کیا گیا۔ اور عملاً پارلیمنٹ جو کچھ کرتی ہے وہ اللہ کی حاکمیت میں شرک ہوتا ہے کہ صرف اللہ کو حاصل قانون سازی کا خدائی اختیار خود پارلیمنٹ استعمال کرتی ہے۔

میرے بھائی! ہماری جمہوری سیاست کا اصل بگاڑ یہی دستور سازی ہے۔ کتاب و سنت جو اللہ کی وحی ہے کے علاوہ کسی بھی چیز کو دستور قرار دینا خواہ وہ قرآن و سنت کے مطابق ہی کیوں نہ ہو۔ شرک ہے۔ کیونکہ اللہ نے حاکم کو ما انزل اللہ (جو کچھ اللہ نے نازل کیا) کا پابند کیا ہے اب جو چیز ما انزل اللہ نہیں وہ دستور نہیں ہوسکتی۔

(ب) کیا مطلب! کتاب و سنت کے مطابق اگر دستور بنایا جائے تو وہ کیسے شرک ہے؟

(ا) کتاب و سنت کے مطابق بہت کچھ بنایا جا سکتا ہے۔ مجتہد کی فقہ اور قاضی کا فیصلہ یہ سب چیزیں کتاب و سنت کے مطابق ہوسکتی ہیں اور ہوتی بھی ہیں، لیکن کتاب و سنت نہیں ہوتیں۔ کتاب و سنت شریعت ہے جو اللہ نے نازل کی ہے اور کتاب و سنت کا فہم جو کسی مجتہد یا قاضی کو حاصل ہوتا ہے۔ اس میں غلطی کا امکان ہوتا ہے اس لئے وہ شریعت نہیں کہلا سکتا۔ کتاب و سنت سے اخذ کردہ کوئی بھی چیز کیوں نہ ہو اسے آپ

فقہ کہہ لیں یا مختلف فقہاء کی آراء پر مشتمل ایک دستاویز۔ یہ سب غیر وحی ہیں۔ تو کسی غیر وحی کو وحی کا درجہ دینا دراصل اللہ کے اختیار میں غیر اللہ کو شریک کرنے کی جسارت ہے اور یہ صریح شرک ہے۔ وحی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کردہ دستور ہے جس کی پابندی ہر حکومت پر لازم ہے۔ اب کوئی شخص اپنی فہم یا کسی بھی انسانی فہم کو دستور مملکت قرار دیتا ہے گویا وہ اس کو شریعت کے مقابلے میں لا رہا ہے۔ اور اللہ کے مقابلے میں قانون سازی کا دعویدار ہے۔ اس لئے یہ شرک ہے۔

(ب) یہ بات سمجھ نہیں آ رہی کہ آخر ملک کو چلانے کے لئے حالات حاضرہ کو مدنظر رکھتے ہوئے کچھ قواعد و ضوابط تو وضع کرنا ہی پڑیں گے مثلاً مختلف محکموں کی تشکیل ان کے اختیارات کی تقسیم وغیرہ یہ سب چیزیں من وعن کتاب وسنت میں تو نہیں پائی جاتیں ان میں تو صرف یہ دیکھنا ہوگا کہ کوئی ایسا ضابطہ نہ بنایا جائے جو کتاب و سنت کے منافی ہو۔

(ا) بات دستور کی ہو رہی ہے قواعد و ضوابط کی نہیں۔

(ب) کیا مطلب۔ میں سمجھا نہیں۔

(ا) میرے بھائی! دستور وہ ہوتا ہے جس کی پابندی پوری حکومت پر لازم ہوتی ہے۔ عدالتوں کو اس دستور کو سامنے رکھ کر فیصلے کرنا ہوتے ہیں۔ قواعد و ضوابط دستور کا حصہ نہیں ہوتے انگریزی میں دستور کو Constitution اور قواعد و ضوابط کو Rules & Regulations کہا جاتا ہے۔ Constitution (دستور) اقتدار اعلیٰ کا مظہر ہوتا ہے۔ جمہوریت میں مقتدر اعلیٰ چونکہ عوام ہوتے ہیں۔ اس لئے عوام ہی کے منتخب نمائندوں کو یہ حق دیا جاتا ہے کہ وہ ملک کا دستور بنائیں۔ جبکہ اسلام میں مقتدر اعلیٰ Sovergn صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ اس لئے دستور سازی کا حق بھی صرف اسی کو ہے۔ مملکت براہ راست اللہ کے وضع کردہ' نازل کردہ دستور کتاب و سنت کی پابند ہے۔ قاضی (جج) جب بھی فیصلہ کرے گا وہ کتاب و سنت کا ہی پابند ہوگا۔ اگر قاضیوں کو کسی غیر منزل من اللہ انسانی وضع کردہ دستور کا پابند کیا جائے تو حکومت اسلامی نہیں رہے گی۔ بلکہ طاغوت کی حکومت ہوگی۔

(ب) یہ بڑا باریک نکتہ آپ نے بیان فرمایا---- لیکن یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ

اگر کتاب و سنت کو سامنے رکھ کر دستور مرتب صورت میں تیار کر ہی لیا جائے تو اس میں حرج ہی کیا ہے؟

(ا) آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ہم ما شاء اللہ اہل سنت اہل حدیث ہیں۔ یعنی ہمارا مسلک صرف کتاب و سنت ہے ہم کسی فرقہ وارانہ فقہی پابندی کو قبول نہیں کرتے۔ ہمارا مقلدین سے ہمیشہ یہی جھگڑا رہا ہے کہ وہ نصوص فقہ کی پابندی کرتے ہیں اور ان کا دعوی یہی ہے کہ ہماری فقہ کتاب و سنت کے مطابق مرتب کی گئی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ فقہ اول و آخر انسانی کاوش ہے جس میں صواب و خطا کا احتمال ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فقہ کو شریعت کوئی نہیں کہتا۔ حتی کہ ہمارے حنفی دوست بھی فقہ حنفیہ کو شریعت کا نام نہیں دے سکتے۔ شریعت صرف کتاب و سنت ہے اور فقہ انسانی سمجھ بوجھ کو کہتے ہیں۔ کسی ایک انسان یا متعدد انسانوں کی اجتماعی سمجھ کو شریعت قرار نہیں دیا جا سکتا۔ جب وہ شریعت نہیں تو وہ کسی اسلامی مملکت کا دستور نہیں بن سکتی----- حنفی حضرات یہی نعرہ تو لگا رہے ہیں کہ حنفی فقہ کو پاکستان کا دستور قرار دیا جائے اور اہلحدیث ان کے مقابلے میں کتاب وسنت کے نفاذ کا نعرہ بلند کرتے ہیں لیکن جب جمہوریت کی بات آتی ہے تو حنفی اور اہلحدیث باہم بغلگیر ہوجاتے ہیں دونوں ۱۹۷۳ء کے انسانی دستور کی پابندی کا حلف اٹھا کر اہل حدیث کتاب و سنت کو اور حنفی اپنی فقہ کو فراموش کر دیتے ہیں۔

(ب) لیکن دستور میں ترمیم کی گنجائش تو سب ہی مانتے ہیں۔ یعنی دستور میں جو بات کتاب وسنت کے مخالف ہو اس میں ترمیم ہو سکتی ہے۔ حتی کہ حنفی حضرات بھی فقہ حنفی میں ترمیم کے قائل ہیں۔

(ا) ترمیم کی یہ گنجائش دستور کی ناپائیداری کی دلیل ہے۔ آپ ہزارہا ترمیمیں کرتے رہیں وہ اول و آخر انسانی کاوش ہی قرار پائے گی۔ اور وہ صاف ظاہر ہے شریعت نہیں بن سکتی۔ اس طرح کی بے شمار انسانی کاوشیں ہوسکتی ہیں۔ ان سے استفادہ ہو سکتا ہے۔ راہنمائی بھی لی جاسکتی ہے۔ لیکن ان کو نہ تو شریعت قرار دیا جا سکتا ہے اور نہ ہی ملک کا دستور بنایا جا سکتا ہے۔ اگر ملک کا دستور کتاب وسنت کو قرار دیا جائے تو پھر ترمیم و تنسیخ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

آپ ذرا خلافت راشدہ کو ملاحظہ فرمائیں اس وقت کیا دستور تھا۔ وہاں کونسی پارلیمنٹ دستور سازی کے لئے بیٹھی تھی۔ ؟؟

(ب) جب ہم کتاب وسنت کو سامنے رکھ کر کوئی چیز اخذ کر ہی نہیں سکتے نہ دستور بنا سکتے ہیں تو پھر اجتہاد کس چیز کا نام ہے۔ خلافت راشدہ میں صحابہ اجتہاد کرتے تھے اور آج پارلیمنٹ یہ کام کر لیتی ہے۔

(ا) میرے بھائی! آپ ایک بہت بڑے مغالطہ میں مبتلا ہیں۔ میں نے یہ نہیں کہا کہ کتاب و سنت کو سامنے رکھ کر ہم کچھ اخذ نہیں کر سکتے۔ ہم بہت کچھ اخذ کر سکتے ہیں اور اخذ کرتے بھی ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ہم جو کچھ بھی کتاب وسنت سے اخذ کریں گے۔ وہ کیا ہو گا آیا وہ منزل من اللہ ہے--- صاف ظاہر ہے وہ منزل من اللہ نہیں ہے۔ وہ تو ہماری سمجھ ہے۔ لہٰذا وہ شریعت نہیں---- فہم شریعت ہے۔ اس لئے اس کو اسلامی مملکت کا دستور نہیں بنایا جا سکتا---- اور آپ کو یہ بھی زبردست غلط فہمی ہے کہ پارلیمنٹ کا دستور سازی کا شغل اور صحابہ کرام کا مسائل و احکام میں اجتہاد ایک جیسی چیزیں معلوم ہو رہی ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے۔ آپ کو اجتہاد کا صحیح مفہوم بھی واضح نہیں---- اجتہاد کا مطلب دستور سازی نہیں ہوتا اور نہ ہی صحابہ نے کوئی دستور اپنے اجتہادات سے مرتب کیا تھا۔ اگر ہوتا تو آج ہماری تاریخ اس دستور کا پتہ دیتی۔

جمہوریت میں پارلیمنٹ ایک دستور ساز ادارہ ہوتا ہے جبکہ اسلام میں شوریٰ ہوتی ہے جس کا دستور سازی سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہوتا۔ اس کا کام امیر المومنین کو ضرورت کے وقت تدبیری امور میں مشورے دینا ہوتا ہے اور یہ بھی ضروری نہیں کہ شوریٰ کے ارکان کی تعداد مقرر ہو۔ نہ ہی ان ارکان کا نامزد یا منتخب ہونا ضروری ہے۔

اصل مصیبت یہ ہے کہ ہم ہر مغربی تصور کو مشرف بہ اسلام کرنے پر تلے رہتے ہیں۔ پہلے جمہوریت کو اسلامی بناتے ہیں پھر اس کے تمام متعلقات کو اسلامی بنانا پڑتا ہے۔ کبھی پارلیمنٹ کو شوریٰ کے مترادف ثابت کرتے ہیں اور کبھی بیعت اور ووٹ کے تصور کو برابر ثابت کرنے کی زحمت فرماتے ہیں--- یہ سب تکلفات اس لئے کرنے پڑتے ہیں کہ اسلام کا اپنا مثالی سیاسی نظام ہماری نظروں سے اوجھل ہے۔

آپ مجھے بتائیے! یہ جمہوریت آئی کہاں سے ہے؟ کتاب وسنت میں اس کا کہیں کوئی نام و نشان ملتا ہے۔ صحابہ کی زندگی یا سلف صالحین میں کوئی اس کا وجود ہے۔ پھر ہم کیوں اس کے اتنے دیوانے ہوگئے ہیں؟ ہمیں سلف کی طرف نسبت کرتے ہوئے سلفیت وجمہوریت کے باہمی تعلق وتصادم کو ذہن میں رکھنا چاہیئے۔

(ب) مجھے یہ بات سمجھ نہیں آئی کہ کوئی ملک کسی دستور کے بغیر چل کیسے سکتا ہے؟

(ا) میں نے کب کہا ہے کہ کوئی ملک دستور کے بغیر چل سکتا ہے میں تو کہہ رہا ہوں کہ مسلمانوں کا دستور اللہ کی طرف سے نازل کردہ ہے۔ انسانوں کا بنایا ہوا نہیں۔ اور وہ کتاب وسنت ہی ہے۔

(ب) میرا مطلب یہ ہے کہ حالات کے مطابق جب تک کوئی دستور مرتب نہ کیا جائے۔ کیسے چلے گا یہ بات ٹھیک ہے کہ کتاب وسنت کو دستور ہونا چاہئے اور وہ مستقل دستور ہے اور ایک وہ دستور ہے جو ملک کا نظام چلانے کے لئے بنانا ضروری ہے۔

(ا) آپ کے خیال میں دستور دو ہیں۔ ایک بڑا دستور یعنی کتاب وسنت اور دوسرا اس کی روشنی میں مرتب کردہ چھوٹا دستور!

(ب) ہاں میں بالکل ایسے ہی کہہ رہا ہوں۔

(ا) پھر آپ دستور کو سمجھے ہی نہیں۔ آپ بالکل بریلویوں والی توحید بیان کرنے لگ گئے ہیں۔ وہ کہتے ہیں اللہ تو ایک ہے مگر یہ بزرگ اسی اللہ کے عطاء کردہ اختیار سے تصرف فرماتے ہیں۔ یہ بڑے الہ کیساتھ چھوٹے الہوں کا تصور ہی شرک کی اصل بنیاد ہے۔ جیسے بریلوی توحید سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اللہ نے تمام اختیارات بزرگوں میں تقسیم کر دیئے ہیں۔ اب اللہ کا بظاہر کوئی کردار نہیں۔ اسی طرح آپ اللہ کو دستور ساز (Law Giver) مان کر انسانوں کو بھی ساتھ ساتھ یہ حق دیتے ہیں۔ کہ وہ اس نازل شدہ دستور کی روشنی میں ایک اور دستور مرتب کرلیں جس کی پابندی انسانوں پر واجب ہو ------ یہ انسان کو انسان کے آگے جھکانا نہیں تو کیا ہے!
اور

(ب) پھر بتائیے آپ ملک کا نظام کیسے چلائیں گے۔

(ا) دراصل آپ کے ذہن میں یہ الجھن ہے کہ جب تک حالات حاضرہ کو مد نظر رکھتے ہوئے کوئی دستور مرتب نہ کرلیا جائے۔ اس وقت تک کوئی حکومت چل ہی نہیں

سکتی۔ حالانکہ اس کی بہت مثالیں تاریخ میں اور موجودہ دور میں موجود ہیں۔ اس کی سب سے بڑی مثال تو مسلمانوں کی خلافت کی عظیم تاریخ ہے۔ اس دور میں کوئی مرتب و مدون دستور مملکت جو انسانوں نے مل کر بنایا ہو موجود نہ تھا۔ خلفائے راشدین ہوں یا خلفائے بنی امیہ اور اس کے بعد بھی مسلمان حکمرانوں نے بعض شخصی کمزوریوں کے باوجود کتاب و سنت کو ہی دستور قرار دیا ہوا تھا۔ قاضی کتاب و سنت کے مطابق فیصلے کرتے تھے۔ آج سعودی عرب کا کوئی تحریری دستور موجود نہیں۔ وہاں سب قاضی کتاب و سنت کے مطابق فیصلے کرنے کے پابند ہیں جب کہ ہمارے ملک پاکستان میں جج صاحبان ۱۹۷۳ء کے دستور کو سامنے رکھ کر فیصلے کرتے ہیں۔

ہماری شرعی عدالتیں بھی ۱۹۷۳ء کے دستور کے خلاف کوئی مقدمہ سننے کی مجاز نہیں جیسا کہ حال ہی میں عورت کی سربراہی کا مسئلہ کھڑا ہوا۔ بعض لوگوں نے وفاقی شرعی عدالت کی طرف رجوع کیا ان کی درخواست اس بنا پر خارج کر دی گئی کہ ۷۳ء کے دستور کے منافی عدالت کوئی فیصلہ نہیں دے سکتی اسمبلی ہی دستور میں ترمیم کرے تو کرے۔ وہ چاہے تو شریعت کے کسی حکم کو قانون بنائے ورنہ شریعت کا کوئی حکم از خود یہ صلاحیت نہیں رکھتا کہ اسے ملکی قانون تصور کیا جائے گویا شریعت پر پارلیمنٹ کی بالادستی ہے نہ کہ پارلیمنٹ پر شریعت کی۔

(ب) یہ تو میں نے آج سنا ہے کہ بعض ممالک میں بغیر کسی تحریری دستور کے بھی نظام چل رہا ہے۔

(ا) یہ صرف کسی اسلامی ملک کی بات نہیں۔ برطانیہ جو بہت بڑا جمہوری ملک ہے وہاں بھی کوئی تحریری دستور موجود نہیں۔ یہ کم بختی صرف مسلمانوں کے لئے ہے کہ وہ اللہ کے نازل کردہ دستور (جو ہر قسم کی غلطیوں سے پاک ہے) کی موجودگی میں خود دستور بنانے لگتے ہیں۔

(ب) یہ بات تو واضح ہو گئی کہ اسلامی مملکت میں دستور صرف اور صرف کتاب و سنت ہی ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ ذرا سمجھایئے کہ قاضی جو فیصلہ کتاب و سنت کے مطابق کرے گا۔ اس کی کیا قانونی اور دستوری حیثیت ہو گی۔؟

(ا) قاضی کا فیصلہ کبھی دستور نہیں کہلا سکتا۔ مجتہد کا اجتہاد قاضی کا فیصلہ اور مفتی کا

فتویٰ یہ سب چیزیں فہم شریعت ہیں نہ کہ شریعت۔ قاضی کا فیصلہ نافذ العمل تو ہوتا ہے لیکن اس کو شریعت قرار نہیں دیا جا سکتا۔ کیونکہ اس میں بھی غلطی کا احتمال ہے۔

(ب) جب اس میں غلطی کا احتمال ہے تو نافذ العمل کیسے ہو گا۔

(ا) غلطی کا احتمال ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ وہ نافذ العمل بھی نہ ہو۔ مقدمات کے فیصلے تو آخر انسانوں کو ہی کرنے ہوتے ہیں۔ قاضی فیصلہ کرتے وقت صرف کتاب وسنت کا ہی پابند ہوتا ہے، وہ وقتی ہوتا ہے۔ وہ دستور نہیں بن جاتا اور نہ ہی اس کو دلیل بنا کر مزید فیصلے کئے جا سکتے ہیں۔ ہر قاضی براہ راست کتاب و سنت سے دلیل اخذ کرے گا۔ اگرچہ وہ فقہاء اور مجتہدین کی آراء سے راہنمائی لے سکتا ہے۔ لیکن کسی انسانی راہنمائی کو دلیل و حجت کے طور پر پیش نہیں کر سکتا یہی تو فرق ہے اہل حدیث اور اہل الرائے کے طرز فکر میں کہ اہلحدیث ایک اجتہاد سے دوسرا اجتہاد نہیں کرتے ہر دور میں ہر نئے مسئلہ کے لئے کتاب و سنت سے از سر نو اجتہاد ہو گا اور سابقہ اجتہادات سے صرف راہنمائی لیجا سکے گی۔

یہی وجہ ہے کہ اہلحدیث مفتی فتویٰ لکھتے وقت آئمہ دین کی آراء سے راہنمائی لیتے ہیں لیکن دلیل کے طور پر کتاب و سنت کو ہی پیش کرتے ہیں کیونکہ شریعت کی دلیلیں صرف دو ہیں۔ کتاب و سنت۔ یہاں یہ بات بھی خوب سمجھ لیں کہ اجتہاد دین و شریعت میں قطعاً کوئی اضافہ نہیں کرتا۔ اجتہاد کا مطلب نئے پیش آمدہ مسائل کا حل کتاب و سنت سے تلاش کرنا ہے۔ دین و شریعت مکمل ہے۔ احکامات بھی سب موجود ہوتے ہیں۔ شریعت میں موجود احکامات کو نئے حالات میں منطبق (Implement) کرنے کا نام اجتہاد ہے نہ کہ حالات کے مطابق شریعت کو تبدیل کرنے کا نام۔

جمہوری انتخابات اور قیام خلافت؟

(ب) اچھا آپ یہ بتائیے کہ جمہوریت میں جو انتخابات کا تصور ہے۔ کیا وہ بھی اسلام سے متصادم ہے۔؟؟

(ا) جی ہاں! اسلام اور جمہوریت کا جوہری فرق انتخابات کے تصور پر مبنی ہے۔ جمہوریت میں عدد کو اہمیت حاصل ہے۔ اسلام میں عدد کی کوئی حیثیت کسی بھی درجہ میں نہیں۔

بلکہ اسلام اہلیت کو اہمیت دیتا ہے۔ یہ ہے وہ بنیادی تھیوری جہاں اسلام جمہوریت سے ممتاز ہو جاتا ہے۔

(ب) آپ کا مطلب یہ ہے کہ اگر ووٹروں کی اہلیت کی شرط مقرر ہو تو پھر انتخابات درست ہیں۔

(ا) نہیں! پھر بھی غلط ہیں کیونکہ آپ جو بھی اہلیت مقرر کریں گے پھر ان اہل لوگوں میں تعداد کو اہمیت دینا ہو گی۔ دراصل ووٹنگ کا تو اسلام میں سرے سے تصور نہیں ہیں۔ یہ الیکشن کا نظام ہی ایسا ہے کہ یہاں اول و آخر عددی اکثریت کو اہمیت دینا پڑتی ہے۔

(ب) تعداد کو اسلام میں اہمیت کیوں نہیں۔ بس شرط یہ ہے کہ وہ تعداد اہل علم و تقوی لوگوں کی ہو۔ ہماری فقہ و تفسیر کی کتابوں میں جمہور کا لفظ عام پایا جاتا ہے کہ فلاں مسئلہ جمہور کے نزدیک اس طرح ہے۔ آپ کہتے ہیں اسلام میں جمہوریت نہیں۔

(ا) فقہ و تفسیر کی کتب میں جب علمائے اسلام کی آراء نقل ہوتی ہیں تو ان کا مقصد محض یہ وضاحت کرنا ہوتا ہے کہ فلاں مسئلہ کے بارے میں فلاں فلاں علماء کی یہ رائے ہے اور جمہور اس طرف گئے ہیں اب اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ جس طرف جمہور گئے ہیں وہی حق ہے۔ وہاں بھی یہ دیکھنا باقی ہوتا ہے کہ آیا جمہور نے جو موقف اختیار کیا ہے اس کی ان کے پاس کیا دلیل ہے؟ وزن یہاں بھی دلیل کا ہوتا ہے اگر جمہور کے مقابلے میں کسی دوسرے عالم کی رائے دلیل سے ثابت ہو تو اسی کو اختیار کیا جاتا ہے۔ اصول فقہ میں کوئی ایسی اصل موجود نہیں جہاں جمہور کے موقف کو دلیل بنایا گیا ہو۔ کتنے مسائل ایسے ہیں جنہیں جمہور کے کمزور استدلال کی بناء پر آج تسلیم نہیں کیا جاتا۔

(ب) جب جمہور کی بات دلیل نہیں تو پھر کتابوں میں بیان کیوں کیا جاتا ہے۔ ؟؟

(ا) کتابوں میں تو اقلیت کی آراء بھی نقل ہوتی ہیں۔ یہاں قلت و کثرت کا مقابلہ مقصود نہیں ہوتا۔ بلکہ اہل علم کو علماء اسلام کی آراء سے آگاہ کرنا مقصود ہوتا ہے۔ تھوڑے لوگوں کے نام لے کر بیان کر دیا جاتا ہے تاکہ علماء استفادہ کرتے وقت اپنی رائے قائم کر سکیں جس مسئلہ پر جمہور کا عمل ہو تو اس کا یہ مطلب کوئی بھی نہیں لیتا

کہ اب دوسرے علماء کی آراء کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ جمہور کے مقابلہ میں کوئی ایک امام مضبوط دلیل پیش کر دے تو پھر اس کی دلیل کو قبول کیا جائے گا۔ فقہ کی کتب میں جمہور کا مسلک بیان ہونے سے ان کی پابندی مقصود نہیں ہوتی اور نہ ہی اصول فقہ میں کوئی اصل ایسی ہے۔ جس میں اجتہاد کرتے وقت جمہور کو دلیل بنایا جا سکے۔

اسلام کا سیاسی نظام

(ب) اچھا تو پھر آپ بتائیں اسلام کا اپنا سیاسی نظام کیا ہے۔؟

(ا) اسلام کا سیاسی نظام خلافت ہے جس میں الیکشن یا سیلیکشن کا کوئی چکر نہیں۔ نہ ہی دستور سازی کی مصیبت ہوتی ہے۔ اسلام کے سیاسی نظام (خلافت) میں خلیفہ اور عوام سب دستور الہی (شریعت) کے پابند ہوتے ہیں۔ شوری کا کام بوقت ضرورت خلیفہ کو مشورہ دینا ہوتا ہے۔

(ب) یہ خلافت قائم کس طرح ہوتی ہے۔؟

(ا) خلافت خلیفہ کے وجود سے قائم ہوتی ہے۔ جو نبیؐ کا سیاسی جانشین ہوتا ہے۔

(ب) خلیفہ کا وجود کس طرح ہو گا۔؟

(ا) مشورے سے۔

(ب) مشورہ کون لوگ دیتے ہیں۔

(ا) جو لوگ مشورہ کے اہل ہوں وہی مشورہ دیتے ہیں۔

(ب) ان لوگوں کی اہلیت کا پتہ کیسے چلتا ہے۔

(ا) ان کے تقوی اور علم و بصیرت سے۔

(ب) یہ کون معلوم کرے گا کہ فلاں شخص متقی اور عالم ہے یا نہیں ؟

(ا) بس یہی وہ جوہری فرق ہے جو جمہوریت اور خلافت میں پایا جاتا ہے۔ تقوی اور علم و بصیرت ایک کیفیت ہے جس کی گنتی ہو سکتی ہے نہ پیمائش کہ لوگ متقیوں کو ووٹوں کے ذریعے منتخب کرتے پھریں اور نہ ہی تقوی کی کوئی تحریری سند کہیں سے حاصل کی جا سکتی ہے کہ اس بناء پر نامزدگی ہو سکے۔ ایمان و تقوی ایسی کیفیات ہیں جن کو اسلامی

معاشرہ خود جج کرتا ہے۔

دیکھئے! اسلام نے مسلمانوں کو وحدت عقیدہ کی بنا پر ایک ملت قرار دیا ہے۔ ملت افراد معاشرہ کا نام ہے۔ ان افراد میں سے ملی و دینی خدمات کی بجاء پر ملی راہنماء (LEADING PERSONALITIES) خود بخود فطری طریق سے ابھرتے ہیں اور ایسا ہر معاشرہ میں ہوتا ہے۔ معاشرہ اسلامی ہو گا تو وہاں جس کی دینی خدمات زیادہ ہوں گی۔ مسلمان اس کو دینی راہنما تصور کرتے ہوں گے یہ راہنما نہ پیسے کے زور سے ابھرتے ہیں نہ جمہوری ہلٹر بازی ان کو میدان میں لاتی ہے۔ آپ کو آنحضرت ﷺ کی زندگی میں صحابہ کرامؓ دکھائی نہیں دیتے یہ جو آپ نام سنتے ہیں عشرہ مبشرہ' اصحاب بدر' اصحاب شجرہ' انصار و مہاجرین' یہ سب گروہ کس طرح وجود میں آئے یہ مسلمانوں کے وہ ملی راہنما تھے جو منتخب ہوتے تھے نہ کہ نامزد یہ لوگ اپنی دینی خدمات کی بدولت معاشرے میں ابھرکر سامنے آ گئے تھے۔ یہی لوگ مشورہ دینے کے اہل سمجھے گئے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب لوگوں نے خلیفہ بنانا چاہا تو آپ نے انکار کرتے ہوئے فرمایا شوریٰ تو انصار و مہاجرین کے لئے ہے انکو لاؤ۔ یہ غلط فہمی بھی آپ کے ذہن سے میں نکال دوں کہ بعض لوگ انصار و مہاجرین کو سیاسی جماعتیں باور کراتے ہیں۔ حالانکہ یہ صحابہ کے اوصاف کی بنا پر نام پڑ گئے تھے۔ ورنہ انصار و مہاجرین ایک ہی جماعت ہیں۔ اگر یہ سیاسی جماعتیں ہوتی تو بتائیے کیا کوئی انصاری مہاجر بن سکتا ہے یا کوئی مہاجر انصاری بن سکتا کیونکہ سیاسی جماعتوں کے افراد ایک جماعت کو چھوڑ کر دوسری جماعت میں جا سکتے ہیں۔ انصار و مہاجرین کو سیاسی جماعتیں باور کرانا محض جہالت ہے۔

انصار و مہاجرین کو انکی ملی خدمات کی بنا پر مسلمانوں کی قیادت ملی اور ایسی قیادت ہی ملت کی نمائندگی کا حق ادا کر سکتی ہے۔ جمہوریت میں قیادت علاقہ کی بنا پر اکثریت کی بنیاد پر ابھرتی ہے جو بعض لوگوں کی نمائندہ ہوتی ہے پوری قوم کی نمائندگی کا جو تصور اسلام میں ہے وہ جمہوریت میں اس کا پاسنگ بھی نہیں۔ اسلام میں ملی راہنما ملت کی خیر خواہی کا جذبہ لے کر کام کرتے ہیں جبکہ جمہوریت خواہشات پرستی کو جنم دیتی ہے۔ اسلام میں دلیل کی بنا پر اپنا موقف منوایا جاتا ہے۔ جمہوریت میں دو تہائی اکثریت ثابت

کر کے اپنا موقف کوئی منوائے تو منوائے ورنہ یہاں دلیل و برہان نام کی کوئی چیز نہیں۔

دیکھیے! حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے حق مہر مقرر کرنے کے مسئلہ پر ایک عورت نے کھڑے ہو کر قرآن مجید کی آیت پڑھی اور امیر المومنین کو اس عورت کی دلیل کے سامنے سر جھکانا پڑا۔ اگر وہاں جمہوریت ہوتی تو اس عورت کی آواز صدائے الصحراء ثابت ہوتی۔ مسئلہ پارلیمنٹ میں پیش ہوتا پھر اس پر دو تہائی اکثریت متفق نہ ہوتی تو شریعت کا فیصلہ رد کر دیا جاتا۔ قرآن کی آیت کو کوئی نہ سنتا۔ جس طرح ہماری قومی اسمبلی میں عورت کی سربراہی کے مسئلہ پر کسی صاحب درد نے حدیث رسول سنانی چاہی تو یہ کہہ کر اسے چپ کروا دیا گیا کہ یہ غیر آئینی ہے۔

کبرت کلمة تخرج من افواهم

(ب) آپ نے بڑی تفصیل سے میری کافی الجھنیں دور کی ہیں جزاکم اللہ خیرا اچھا تو فرمایئے کہ انصار و مہاجرین تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں فطری طور پر ابھر کر سامنے آ گئے تھے لیکن ہمارے لئے اس وقت انصار و مہاجرین کہاں ہیں۔ کیسے وجود میں آ سکتے ہیں؟ اس لئے واحد طریقہ انتخابات کا ہی ہو سکتا ہے جو ملی قیادت کو سامنے لائے۔

(ا) آپ اس بات پر غور کر لیں تو بات واضح ہو جائے گی کہ آخر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں انصار و مہاجرین کیسے وجود میں آ گئے تھے۔ در اصل ہم وہ کام کرنا نہیں چاہتے جس کے نتیجہ میں انصار و مہاجرین جیسے کردار وجود میں آئیں۔ ہم جمہوری کام کو ہی دینی خدمت سمجھ بیٹھے ہیں اور اس کے نتائج ہمارے سامنے ہیں۔

(ب) وہ کام کیا ہے جو ہمیں کرنا چاہیے

(ا) وہ کام وہی ہے جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا یعنی دعوت و جہاد یہ نبوی منہج ہے جس کا جمہوریت سے زبردست تصادم ہے۔

(ب) یہ کام تو پہلے ہی تبلیغی جماعت کر رہی ہے۔

(ا) وہ کیسے! تبلیغی جماعت تو جہاد مخالف تحریک ہے رہی دعوت تو ان کی دعوت میں سیاست شجر ممنوعہ ہے حکمرانوں کو کلمہ حق کہنا ان کا مشن ہی نہیں وہ تو لوگوں کو محض صوفی بناتے ہیں۔ ہم جب دعوت و جہاد کا نام لیتے ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم

صرف عوام کو اسلام کی دعوت دیں گے اور ارباب سیاست کو چھٹی ہو گی جو مرضی کرتے پھریں نہیں ہمارا مسلک جس قدر جامع ہے اسی قدر ہماری دعوت بھی جامع ہے ہر جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق کہنا اور طاغوتی نظام کی علی الاعلان تردید و نفی ہماری دعوت کا حصہ ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم حکمرانوں' سیاستدانوں اور عوام سب کو دین حق پہنچائیں۔ ان لوگوں کو اسلام میں حاکمیت اعلی کا تصور بتائیں۔ یہ ہماری دعوت کا اہم ترین موضوع ہو دعوت جب اس سطح پر آتی ہے تو جہاد بن جاتی ہے۔ تبلیغی جماعت کی طرح فضائل کو ہی دعوت کا موضوع بنانے کی بجائے عقائد و مسائل ہماری دعوت کا عنوان ہوں۔ دعوت کا کام ایک ایسا فطری عمل ہے جو داعیوں کو جنم دیتا ہے۔ یہی داعیان الی اللہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو ملت کے راہنما متصور ہوتے ہیں یہ دعوت اگر جاندار ہو (تبلیغی جماعت کی دعوت کی طرح بے جان نہ ہو) تو پھر یہی دعوت ہجرت و جہاد کے مقامات کو قریب لاتی ہے۔ حق و باطل کی کشمکش میں مجاہدین پیدا ہوتے چلے جاتے ہیں یہی مجاہدین اور داعی لوگ انصار و مہاجرین ہیں جنہیں شوری کا حق ہے۔ یہ لوگ جب مل کر بیٹھتے ہیں تو ہر ایک کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ مجھے خلافت نہ ملے۔ اس لئے خلیفہ کا انتخاب فوراً ہو جاتا ہے سب لوگ بلا اختلاف ایک شخصیت پر جمع ہو کر بیعت کر لیتے ہیں اور خلافت کا نظام قائم ہو جاتا ہے۔

(ب) شوری کے لوگ خلیفہ کا انتخاب کیسے کریں گے؟

(ا) آپ کے ذہن میں دراصل جمہوری انتخاب بیٹھا ہوا ہے اور یہ سمجھ رہے ہیں کہ ووٹنگ کے بغیر انتخاب ممکن ہی نہیں۔ شوری کا مطلب رائے کو پختہ کرنا ہوتا ہے۔ شہد کی مکھیاں جو شہد بناتی ہیں اس عمل کو عربی میں شوری کہتے ہیں۔ جس طرح وہ مختلف پھلوں اور پھولوں سے شہد تیار کرتی ہیں اسی طرح مسلمان اہل شوری بیٹھ کر مختلف تجاویز دیں گے وہ تجاویز پختہ ہوتی چلی جائیں گی چونکہ ہر شخص کے دل میں ملت کا درد ہو گا وہ خلوص سے اختلاف بھی کرے گا اور اتفاق بھی۔ بالآخر مسئلہ حل کر ہی لیا جائے گا چونکہ اس وقت ہم نظری بحث کر رہے ہیں۔ اس لئے یہ مسئلہ سمجھنا مشکل ہو رہا ہے۔ دراصل اس کا تعلق عمل و تجربہ سے ہے آپ دیکھیں جب ہم سفر کرتے ہیں اپنا امیر کیسے بناتے ہیں۔ آپ نے کبھی نہیں سنا ہو گا کہ لوگوں نے ووٹنگ کے ذریعہ

اپنے سفر کا امیر منتخب کیا ہو۔ تمام ساتھی مشورہ کرتے ہیں خود بخود ایک شخصیت پر لوگ جمع ہو جاتے ہیں۔ کبھی ایک آدمی کسی کا نام لیتا ہے تو سب اس کی تائید کر لیتے ہیں۔ یا کبھی چند آدمی کسی کا ہاتھ پکڑ کر آگے کر دیتے ہیں اور وہ امیر بن جاتا ہے اسی طرح آپ خلفاء راشدین کے انتخاب کو دیکھیں۔ آپ کو کہیں یہ دکھائی نہ دے گا کہ شوری نے الیکشن کے ذریعہ خلیفہ کا انتخاب کیا ہو۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کا انتخاب ہوا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہاتھ آگے کر کے بیعت کر لی اور باقی تمام انصار ومہاجرین فوراً متفق ہو گئے حالانکہ سقیفہ بنی ساعدہ میں جو جھگڑا صحابہؓ میں چل رہا تھا۔ اس کا یہ حل پیش کیا جا سکتا تھا کہ ابھی ہم ووٹنگ کروا لیتے ہیں جس کی اکثریت ہو وہ خلیفہ منتخب ہو۔

حضرت عمرؓ کو حضرت ابو بکر صدیقؓ نے شوری کو اعتماد میں لے کر نامزد کیا۔ جن لوگوں نے اختلاف کیا ان کی آراء کو ہموار کرتے رہے۔ حتی کہ سب متفق ہو گئے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو چھ آدمیوں کی کمیٹی بنائی تھی تو وہاں بھی حضرت عمرؓ کی کوئی ہدایت ایسی نہیں کہ جس طرف زیادہ ہوں' بعض لوگوں میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات مشہور ہوگئی کہ انہوں نے اکثریت کے مطابق فیصلہ کرنے کی وصیت کی تھی ثبوت کیلئے سند درکار ہے اس کو خلافت دینا اور نہ ہی حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اکثریت کی بنیاد پر منتخب کیا گیا۔ عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عثمانؓ سے اور حضرت علی دونوں سے الگ الگ انٹرویو کیا اس انٹرویو نے حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کی راہنمائی کی کہ خلافت کس کو ملنی چاہئے چنانچہ انہوں نے حضرت عثمانؓ کو خلیفہ بنا دیا اسی طرح آپ کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا معاملہ پہلے ہی بتا چکا ہوں۔

(ب) حضرت عثمانؓ کے بارے میں تو کہا جاتا ہے۔ عوام سے پوچھا گیا تھا اکثریت نے ان کو پسند کیا۔ اس لئے انہیں خلیفہ بنایا گیا۔

(ا) کیا خلیفہ مقرر کرنے کے بعد پوچھا گیا یا پہلے ؟

(ب) یہ تو معلوم نہیں۔ حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ یہ فیصلہ کر چکے تھے کہ خلیفہ عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہوں گے۔

(ا) انہوں نے اپنے اس فیصلہ کی توثیق کے لئے ان قافلوں سے جو حج کی طرف آرہے

تھے (BY THE WAY) سر راہ پوچھ کہ تم حضرت علیؓ اور حضرت عثمانؓ میں سے کس کو خلافت کے لئے پسند کرتے ہو تو تمام لوگ حضرت عثمانؓ کے حق میں تھے۔ یہ نہیں کہ حضرت عثمانؓ کے خلیفہ بننے کی بنیاد ہی یہ تھی۔

(ب) اچھا تو ہم پھر خلافت کو کیسے قائم کریں۔

(ا) میں تفصیل سے عرض کر چکا ہوں کہ ہمیں منہج نبویؐ یعنی خالص سلفیت کو اختیار کرنا ہو گا اور وہ دعوت و جہاد ہے۔

(ب) دل کو یہی لگتا ہے کہ اصل کام کرنے کا یہی ہے لیکن اس سے خلافت کا قیام بہت دور ہو جائے گا۔ (ا) دور ہونے کو نہ دیکھیں راستہ صحیح ہونا چاہئے۔ خواہ فاصلہ تھوڑا ہی طے ہو۔ غلط راستہ پر دوڑنا خواہ مخواہ اپنی دنیا اور آخرت کو برباد کرنا ہے۔

(ب) لیکن مسئلہ یہ ہے کہ موجودہ سیاست سے بھی تو ہم کنارہ کش نہیں ہو سکتے نا۔

(ا) ہم کب کہتے ہیں کنارہ کش ہوں۔ آپ موجودہ سیاست کو مسلمان بنائیں۔ آپ اپنی دعوت کے میدان میں سیاستدانوں کو کھینچ لائیں۔ کوئی بات سنے یا نہ سنے سب کو توحید و سنت کی کھری کھری بات سنائیں ہو سکتا ہے کوئی بر سر اقتدار طبقہ ہی دعوت کو سمجھ جائے اور انقلاب لے آئے۔ یہی طریقہ ہمارے سلف نے اختیار کیا تھا۔ امام احمد بن حنبلؒ ابن تیمیہؒ امام محمد بن عبدالوہابؒ ان سب لوگوں نے حکمرانوں کو دین پہنچایا قربانیاں بھی دیں اور ان کی مساعی کے بڑے مثبت نتائج بھی نکلے۔ یہی وہ شرعی سیاست ہے جو ہمارے سلف نے اختیار کی اور ہم بھی اس کو اختیار کرنا چاہتے ہیں۔

(ب) آپ نے فرمایا ہے "وحی کے علاوہ کسی بھی چیز کو دستور قرار دینا خواہ وہ قرآن و سنت کے مطابق ہی کیوں نہ ہو شرک ہے" اگر ہماری اسمبلی دستور بنائے کہ چور کا ہاتھ کاٹا جائے گا وغیرہ وغیرہ۔ تو کیا یہ بھی شرک ہو گا؟

(ا) ہاں یہ بھی شرک ہو گا آپ نے ہمارا مضمون (مکالمہ) غور سے نہیں پڑھا ورنہ آپ یہ سوال نہ کرتے ہم نے سارا مکالمہ اسی نکتہ کی وضاحت کے لئے ہی لکھا تھا آپ بتائیے "چور کا ہاتھ کاٹنا" کس کا حکم ہے؟ اسمبلی کی منظوری کے بغیر یہ دستور کیوں نہیں؟ کیا کسی جمہوری ملک کی عدالت اللہ کے اس نازل کردہ دستور کے مطابق چور کا ہاتھ کاٹنے کا فیصلہ کر سکتی ہے جبکہ اسے اسمبلی نے قانون نہ بنایا ہو۔ آخر اسمبلی کو یہ اختیار کس نے دیا ہے کہ وہ اللہ کے نازل کردہ دستور و قانون پر پھر سے غور کرے۔

اس کا جی چاہے تو اس کو قانون بنائے جی چاہے تو ٹھکرا دے۔ اسمبلی کو یہ اختیار دینا ہی شرک فی الحاکمیت ہے۔ اسمبلی کی منظوری کے بعد دستور مانا تو کیا مانا۔ یہ اللہ کی اطاعت ہوئی یا اسمبلی کی۔

آیئے اب آپ کو ایک اور مثال سے سمجھاتا ہوں اہل حدیث نماز میں رفعیدین کرتا ہے اور ایک شافعی بھی نماز میں رفع الیدین کرتا ہے۔ اب آپ بتایئے کیا دونوں کی نماز سنت کے مطابق ہے۔ ہرگز نہیں! ہمارے نزدیک شوافع کا رفع الیدین کرنا اور حنفیوں کا رفع الیدین نہ کرنا دونوں برابر ہیں۔ حالانکہ شوافع نے سُنّت کے مطابق رفع الیدین کیا ہے چونکہ انہوں نے اس کو سنت امام شافعی کی تقلید میں تسلیم کیا ہے۔ اس لئے ان کا یہ عمل سنت پر عمل نہیں بلکہ امام شافعی کی تقلید ہے۔ عمل کتنا بھی مطابق سنت کیوں نہ ہو اس کے پیچھے جذبہ اتباع کا نہ ہو بلکہ تقلید کا کارفرما ہو تو عمل کی حیثیت متاثر ہوتی ہے۔ آپ سارا اسلام نافذ کر دیں لیکن اس کی منظوری پارلیمنٹ سے لیں تو وہ اسلام اسلام نہیں رہے گا۔ مسلمان کا کام کلمہ پڑھنے کے بعد اسلام کو قبول کرتے چلے جانا ہے نہ کہ اسلام کو قانونی حیثیت دینے کے لئے خود حاکم بن بیٹھنا۔ اس سے اسلام کی حاکمانہ حیثیت پر حرف آتا ہے تمام حُکام شریعت سے پوچھ کر چل سکتے ہیں نہ کہ شریعت ان حُکام سے پروانہ نفاذ حاصل کر کے نافذ ہو گی۔

میرے بھائی آپ ذرا غور تو کریں اللہ نے دستور نازل ہی اس لئے کیا ہے کہ حکمران اور عوام سب اس پر عمل کریں اب ہم اللہ کے بنائے ہوئے دستور کو پھر دستور بنائیں تو یہ قانون سازی اور تشریع ہے۔ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی اللہ کے نازل کردہ کسی حکم کے بارے میں صحابہؓ سے کبھی کوئی مشورہ کیا تھا کہ اس کو دستور مانیں یا نہ مانیں۔ یہ مشورہ کرنا ہی شرک فی التشریع تھا۔ اگر آپ سلفی منہج کے حامل ہیں تو کچھ تو سوچنا چاہئے کہ وہ لوگ جو انسان کو اللہ کا خلیفہ نہیں مانتے کہ اس سے شرک لازم آتا ہے وہ اسمبلی کو حق حاکمیت و تشریع کس طرح دے سکتے ہیں۔ ہمارا مشورہ ہے آپ اپنے اسلاف کا مطالعہ کریں اور خصوصا امام ابن تیمیہؒ کو بلغور پڑھیں۔ آپ کا یہ سوال اور اس قسم کے دوسرے اشکالات ان شاء اللہ رفع ہو جائیں گے۔

(ب) اسلام کا سیاسی نظام خلافت ہے جس میں الیکشن یا سیلیکشن کا کوئی چکر نہیں؟

اگر ایسا نہیں تو پھر خلفاء کا تقرر کیسے ہوا۔ اگر نامزدگی تھی (جیسے حضرت ابو

بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہوئے بقول آپ کے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نامزد کیا صفحہ ۲۵) تو اسلام کے مطابق یا خلاف؟

(ا) یہی سوال آپ پر بھی ہے کہ کیا خلفاء کا تقرر جمہوری طریقے سے ہوا ہے؟ پوری خلافت اسلامیہ کی تاریخ میں ایک مثال نہیں ملتی۔ مثال تو دور کی بات ہے جمہوریت کا لفظ کہیں نہیں پایا جاتا۔ رہا یہ کہ پھر خلفاء کا تقرر کیسے ہوا۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ غیر جمہوری طریقے سے ہوا ہے اور مسلمانوں کا خلیفہ جب بھی بنے گا وہ جمہوریت سے نہیں بنے گا۔ امام مہدی جو خلیفہ المسلمین ہوں گے وہ بھی غیر جمہوری طریقے سے برسر اقتدار آئیں گے اور ہمارے بچے جمہورے اس وقت بھی یہی راگ الاپیں گے۔ کہ یہ غیر آئینی حکمران ہے۔ ہم اس کی حکومت تسلیم نہیں کرتے۔ اب رہا یہ سوال کہ وہ غیر جمہوری طریقہ کس بلا کا نام ہے جس کے ذریعے خلیفہ کا تقرر ہوتا ہے تو بھائی ہم نے اپنے اس مکالمہ میں اس کی خوب وضاحت کر دی تھی کہ وہ اسلام کا مسلمہ اصول "شوریٰ" ہے شوریٰ ایک ایسا فطری عمل ہے جس کو نہ آپ نامزدگی قرار دے سکتے ہیں اور نہ سلیکشن یا الیکشن

خاص ہے ترکیب میں قوم رسولؐ ہاشمی

شوریٰ اسلام کا ایک منفرد انداز ہے۔ اس کو کسی مغربی طاغوتی عینک سے نہ دیکھا جائے۔ خلافت کی کرسی پر بٹھانے کے لئے اہل شوریٰ مل بیٹھتے ہیں مخلصانہ تجاویز سامنے آتی چلی جاتی ہیں اور ایک رائے پختہ ہوتی چلی جاتی ہے اور اللہ کے فضل سے سب اہل حل وعقد ایک شخصیت پر متفق ہو جاتے ہیں اور فیصلہ ہو جاتا ہے۔ یہ فیصلہ اور اتفاق کس طرح ممکن ہوتا ہے اس کے لئے خلفاء کا تقرر آپ سامنے رکھیں۔ آپ نے پوچھا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جو نامزد کیا تھا وہ اسلام کے مطابق تھا یا مخالف۔۔۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ کیا وہ جمہوریت کے مطابق تھا یا مخالف۔۔۔ ہم کہتے ہیں وہ اسلام کے مطابق تھا اس طرح کہ اس میں باقاعدہ مشورہ کیا گیا۔ حضرت ابو بکر صدیق مسلسل متعدد صحابہ سے مشورہ دینے والے لوگوں کے دلائل سنتے رہے اور اپنے دلائل بھی دیتے رہے۔ انہوں نے مشورہ دینے والے لوگوں کی گنتی کر کے فیصلہ نہیں کیا۔ مشورہ کے بعد ایک عزم پر جم گئے اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تقرر ہوا نہ یہ مطلقاً نا

مزدگی (Selection) تھی اور نہ انتخاب (Election)

اب رہی یہ بات کہ اگر کوئی حکمران جمہوری طریقے سے آ جائے تو اسلام کی ہدایت کیا ہے۔ اسلام کی ہدایت یہ ہے کہ اس کی اصلاح کی جائے اگر وہ اسلام نافذ کرتا ہے تو اس کی حمایت کی جائے۔ اسی طرح کوئی مارشل لاء کے ذریعے یا کسی اور ذریعے سے بر سر اقتدار آ جائے تو اس حکمران کو اسلام کی دعوت کے ذریعے اس بات کا قائل کیا جائے کہ وہ اسلام نافذ کرے۔ اسلام جمہوریت کی طرح یہ نہیں کہتا کہ وہ ایک غیر آئینی حکمران ہے اس کو ہٹاؤ خواہ وہ کتنا ہی نیک کیوں نہ ہو۔ اور اگر جمہوریت کے ذریعے کوئی بے دین حکمران بھی مسلط ہو جائے تو اسے بصد خوشی قبول کر لو حتی کہ ایک عورت کی حکمرانی بھی قبول کر لو۔ اسلام نے امت کو سیاسی انتشار سے بچانے کے لئے کس قدر ٹھوس اور مبنی بر حقیقت ہدایات دی ہیں۔ حتی کہ اگر نماز کا امام فاسق و فاجر ہو تو اس کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے۔ بشرطیکہ کفر و شرک کی کوئی واضح صورت اس میں نہ پائی جاتی ہو۔ جمہوریت تو تشیع اور خارجیت سکھاتی ہے۔ جس نے امت کو آج تک سکھ کا سانس نہیں لینے دیا۔

(ب) آپ فرماتے ہیں ”خلیفہ نبی کا سیاسی جانشین ہوتا ہے مگر مذہبی جانشین کون ہوتا ہے کیا یہ بقول اقبال

جدا ہو دین سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی والا تصور تو نہیں؟

(ا) میرے بھائی! خلیفہ نبی کا سیاسی جانشین ہوتا ہے کا مطلب یہ نہیں کہ خلیفہ کا مذہب سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ اس کا صرف یہ مطلب ہے کہ منصب نبوت میں جو حکومت کا پہلو ہوتا ہے وہ نبی سے خلیفہ کو منتقل ہوتا ہے یعنی نبی کی نبوت خلیفہ کو نہیں ملتی۔ نبی بیک وقت اللہ کا نمائندہ (رسول) بھی ہوتا ہے اور ایک حکمران یعنی امیر المومنین بھی جب یہ کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص نبی کا خلیفہ ہے تو اس کا مطلب ہے۔ حکومت کی جو کرسی ہوتی ہے خلیفہ اس کو سنبھالتا ہے۔ رسالت کی کرسی پر رسول ہی بیٹھ سکتا ہے۔ خلیفہ نہیں۔

جن لوگوں نے خلیفہ کو نبی کا مذہبی و دینی جانشین سمجھا ان کو یہ مشکل پیش آئی کہ نبی اور خلیفہ میں کیا دینی قدر مشترک ہے۔ نبی تو صاحب وحی اور معصوم ہے۔ اس

کا ہر حکم وحی کا امر ہے۔ ان لوگوں کے نزدیک امام حکومت کے علاوہ تشریع کے اختیارات بھی رکھتا ہے۔ اس کی ہر بات نبی کی طرح وحی ہے۔ کیونکہ وہ نبی کا جانشین جو ہوا۔ اسی عقیدے کی ایک بگڑی ہوئی شکل تصوف میں پائی جاتی ہے۔ آپ نے دیکھا سنا ہو گا کہ صوفیا میں بھی ایک قسم کی خلافت چلتی ہے۔ وہ بھی نبی کی روحانی جانشینی ہے۔ جو آج دین طریقت کی شکل میں موجود ہے اس بنیاد پر ہی مرزا غلام احمد قادیانی نے بھی نبوت کا دعوی کیا تھا۔ وہ اپنے آپ کو نیا نبی نہیں کہتا۔ محمد کا ظل قرار دیتا ہے۔ یعنی اپنے آپ کو نبی کا جانشین ان معنوں میں سمجھتا ہے کہ آپؐ کی نبوت کی کرسی اسے مل گئی ہے۔ اس لئے خلیفہ (خصوصا امت محمدیہ میں) نبی کے اس جانشین کو کہتے ہیں جو نبی کے طریقے پر حکومت کرے اور آپ نے یہ حدیث تو پڑھی سنی ہو گی۔

عن ابی ہریرۃ رضی اللّٰہ تعالی عنہ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال کانت بنو اسرائیل تسوسھم الانبیا کلماتت منھم نبی "خلفہ نبی" وانہ لا نبی بعدی وسیکون خلفاء فیکثرون.......الخ

(مشکوۃ۔ کتاب الامارۃ والقضاء فصل اول)

ترجمہ = حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا نبی اسرائیل کی سیاست انبیاء کرتے تھے جب کوئی نبی فوت ہوتا۔ ایک نبی اس کا جانشین بن جاتا اور میرے بعد کوئی نبی نہیں میرے بعد کثرت سے خلفاء ہوں گے اسی طرح ایک دوسری حدیث میں ہے۔ **علیکم بسنتی و سنۃ الخلفاء الراشدین** آپ نے اپنی سنت کے ساتھ جو خلفائے راشدین کی سنت کو ملایا ہے اس کا یہی مطلب ہے کہ خلفائے راشدین کی خلافت اسلام کے سیاسی پہلو کا بہترین نمونہ ہو گی۔ سنت خلفائے راشدین سے مراد ان کا طرز خلافت و حکومت ہے۔ جس کو ہم نے لازم پکڑنا ہے۔ صاف ظاہر ہے خلفائے راشدین کا نظام جمہوریت نہیں تھا۔

رہی بات اقبال کے اس قول کی کہ

جدا ہو دین سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

تو ہم اس کے من و عن قائل نہیں۔ اگر اس کا مطلب یہ ہے کہ سیاست کو دین کے

مطابق ہونا چاہئے تو یہ درست ہے اور اگر اس کا مطلب یہ ہو کہ پورا دین ہی سیاست کا نام ہے تو ہم اس کے ہرگز قائل نہیں ہمارے نزدیک سیاست اسلام کے دوسرے پہلوؤں معیشت و معاشرت کی طرح ایک انتظامی پہلو ہے اور ظاہر ہے کہ وہ دین سے الگ نہیں۔

(ب) آپ نے فرمایا پوری قوم کی نمائندگی کا جو تصور اسلام میں ہے وہ جمہوریت میں اس کا پاسنگ بھی نہیں وہ کیا ہے اور کس طریقہ سے عملاً پوری قوم کی نمائندگی ہوتی ہے؟

(ا) میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے دوبارہ عرض کئے دیتا ہوں۔ اسلام کے نظام خلافت میں سیاسی قیادت ایمان و تقوی کی بنا پر ابھرتی ہے۔ اسلامی معاشرہ ایک ملت ہوتا ہے۔ دینی و ملی خدمات کی بدولت کچھ شخصیات ابھر کر سامنے آ جاتی ہیں۔ ان کو ابھارنے کے لئے کوئی انتخابی مہم نہیں چلتی اور نہ سچے جھوٹے وعدے ہوتے ہیں' نہ نعرہ بازی اور اسٹیج شو ہوتے ہیں۔ بس اللہ سے تعلق کی بنا پر لوگوں کی انگلیاں خود بخود ان شخصیات کی طرف اٹھتی ہیں۔ عوام کیلئے یہی لوگ مرجع بن جاتے ہیں۔ یہ ایک فطری عمل ہے۔ جیسا کہ دور نبوی میں صحابہ میں انصارومہاجرین کو ایک خاص اہمیت حاصل ہو گئی تھی۔ ان کی اہمیت ان کی ملی خدمات کی بدولت ابھر کر سامنے آئی ان میں ہر شخص پوری ملت کا درد اپنے اندر رکھتا تھا۔ ان میں سے کوئی شخص کسی علاقہ کے بعض لوگوں کا منتخب شدہ نہ تھا۔ وہ جب بھی نمائندگی کرتے تھے۔ وہ جب بھی نمائندگی کرتے تو وہ پوری ملت کی نمائندگی کرتے تھے۔ ان میں سے ہر شخص پر ملت کے ہر فرد کو اعتماد تھا ظاہر ہے جب یہ لوگ مل کر بیٹھتے ہوں گے اور خلیفہ کو مشورہ دیتے ہوں گے تو اس میں پوری ملت کی بھرپور نمائندگی کا حق ادا کرتے ہوں گے نہ کہ اپنی پارٹی یا علاقہ کی نمائندگی جمہوریت میں نمائندگیاں قطار اندر قطار اپنے اپنے حقوق کے حصول کے لئے کوشاں ہوتی ہیں۔ یہ ہے اسلام میں نمائندگی کا تصور۔ جس کو ہم جمہوریت میں نمائندگی کے تصور کا پاسنگ بھی نہیں سمجھتے۔

(ب) آپ نے فرمایا ہے کہ آپ موجودہ سیاست کو مسلمان بنائیں" گویا جمہوری سیاست کو اسلامی بنایا جا سکتا ہے۔ اور یہ کہ اسلام کا کوئی نظام سیاست نہیں؟ کیونکہ بنانے اور

اپنانے میں بہت فرق ہے۔

(ا) ہم نے جہاں یہ فرمایا ہے کہ آپ موجودہ سیاست کو مسلمان بنائیں تو اس سے آگے یہ بھی فرمایا ہے کہ کس طرح بنائیں۔ اس سے کسی طرح بھی اسلامی جمہوریت کا کوئی تصور نہیں نکلتا۔ موجودہ سیاست جب مسلمان ہو گئی تو وہ خلافت کہلائے گی۔ جس طرح جب کوئی کافر مسلمان ہوتا ہے تو کفر اسلامی نہیں ہوتا بلکہ کافر مسلمان ہوتا ہے یعنی کفر کو چھوڑ کر اسلام اختیار کرتا ہے۔ اس طرح جب جمہوریت مسلمان ہو گی تو وہ اسلامی نہیں اسلام ہو جائے گی۔

(ب) آخر انتخاب امیر کا کوئی طریق تو ہو گا؟

(ا) ضرور ہو گا۔

(ب) کیا اس کو دستور نہیں کہیں گے؟

(ا) نہیں! دستور وہ ہوتا ہے جس کی پابندی امیر جماعت کو بھی کرنی ہوتی ہے اور امیر جماعت کے فوت ہونے کے بعد بھی وہ دستور زندہ رہتا ہے۔ نئے امیر کا انتخاب اسی کے مطابق کرنا ہوتا ہے جبکہ یہ مقام صرف کتاب و سنت کو حاصل ہے کہ وہ ہمیشہ زندہ ہے اور مستقل ہے۔

(ب) اگر ایسا ہو بھی جائے تو اس میں کیا حرج ہے۔ آخر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی خلیفہ کے انتخاب کے لئے ایک طریق کار خود وضع کیا ہی تھا کیا وہ دستور نہ تھا۔

(ا) اس میں بہت حرج ہے سب سے بڑا حرج یہ ہے اس کا کوئی ثبوت کتاب و سنت اور طریقہ سلف سے نہیں ملتا اور یہ جو حضرت عمرؓ کی بات کی جاتی ہے کہ انہوں نسے آئندہ خلیفہ کے انتخاب کا طریق وضع کیا تھا۔ یہ درست ہے لیکن اس کو دستور نہیں بنایا تھا مسئلہ کا کوئی وقتی حل نکالنا دستور بنانا نہیں ہوتا یہی وجہ ہے اہل حدیث اجتہاد کو وقتی حل سمجھتے ہیں مقلدین اس کو مستقل حیثیت دیتے ہیں۔ مقلدین اجتہاد پر اجتہاد کرتے ہیں جبکہ اہل حدیث ہر نئے مسئلہ کے لئے نیا اجتہاد کرتے ہیں یہ دستور اگر حضرت عمرؓ نے بنایا تھا تو پھر حضرت علیؓ اور ان کے بعد کے خلفاء کا انتخاب اس طریقے کے مطابق کیوں نہیں ہوا ہر خلیفہ کے انتخاب کا طریقہ حالات کے ساتھ بدلتا رہا ہے۔ یہی فرق ہے دستور اور وقتی طریق کار میں۔

(ب) اس کا مطلب ہے آپ امیر کے انتخاب کے لئے کوئی طریق کار متعین نہیں کرنا چاہتے۔

(ا) ہاں! جب شریعت (کتاب وسنت) نے کوئی طریق کار متعین نہیں کیا تو ہم کس طرح متعین کر سکتے ہیں۔ البتہ کوئی سا بھی طریقہ حالات کو سامنے رکھتے ہوئے اختیار کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ وہ کتاب و سنت کے منافی نہ ہو۔ لیکن اس کو متعین کر کے دستوری حیثیت نہیں دی جا سکتی۔

(ب) جب آپ یہ مانتے ہیں کہ امیر کے انتخاب کا طریق کار کوئی بھی اختیار کیا جا سکتا ہے شریعت نے پابندی نہیں لگائی تو پھر پاکستان کے مسلمانوں نے ایک طریق کار بنایا ہوا ہے اس سے آپ اختلاف کیوں کرتے ہیں۔

(ا) پہلا اختلاف تو یہ ہے کہ انہوں نے ایک طریق کار کثرت رائے والا متعین کر دیا ہے اور اس کو دستور بنا دیا ہے حالانکہ کتاب و سنت نے آزاد چھوڑا ہے۔ امیر کے انتخاب کے متعدد طریقے ہو سکتے ہیں۔ حالات کے مطابق کوئی سا بھی طریقہ اختیار کیا جا سکتا ہے دوسرا اختلاف یہ ہے کہ جو طریق کار حکومت نے متعین کیا ہے وہ بھی سرا سر کتاب و سنت کے منافی ہے۔ کیونکہ اس طریق کار کے مطابق پہلے رکن سازی کے ذریعے چھوٹے یونٹوں میں کچھ لوگ با اختیار منتخب ہو جاتے ہیں آخر میں صدر کا انتخاب محض کثرت رائے سے ہوتا ہے مغربی جمہوری انداز پر ووٹنگ ہوتی ہے۔ صدر اور وزیر اعلی دونوں کا انتخاب الگ الگ بذریعہ ووٹنگ ہوتا ہے حالانکہ شریعت میں امیر کے علاوہ کوئی منصب ایسا نہیں جس کا الگ سے انتخاب ہو پھر صدر کے اختیارات مزید تقسیم کر کے وزیر اعلی کو دے دئے جاتے ہیں اس طریقے سے بے اختیار صدر سامنے آتا ہے جو وزیر اعلی پر بھی حکم چلانے کا اختیار نہیں رکھتا۔ ہم اس سارے ڈھانچے اور طریق کار کو شریعت کے منافی سمجھتے ہیں جب تک ہمارے اکابرین اس طریق کار سے رجوع نہیں فرماتے ہم ان کا ساتھ کس طرح دے سکتے ہیں۔

(ب) اگر یہ سب کچھ غلط ہے تو آپ کے پاس متبادل کیا ہے؟

(ا) ہمارا دستور کتاب و سنت ہو کتاب و سنت کی روشنی میں امیر کا انتخاب اہل علم کے صلاح و مشورے سے کر لیا جائے۔ پھر وہ امیر ملکی امور کو چلانے کے لئے جو قواعد و

ضوابط بنائے ہم ان کی پابندی کریں یہ امیر کی سمع و طاعت کہلائے گی جو کتاب و سنت کا حکم ہے۔

(ب) امیر کا انتخاب کرنے میں اگر کوئی اختلاف ہو جائے تو پھر؟

(ا) اختلاف تو طریق کار متعین کرنے میں بھی ہو سکتا ہے۔ اور یہ اختلاف اس اختلاف سے کہیں زیادہ شدید ہو گا جو امیر کے انتخاب کے وقت وقتی طور پر پیدا ہو گا۔ اہل حدیث اور اہل الرائے کے طریق میں تو یہی بنیادی فرق ہے کہ اہل حدیث مسئلہ پیدا ہونے پر اس کا حل نکالتے ہیں جبکہ اہل الرائے پہلے فرضی مسائل پیدا کرتے ہیں پھر ان کا حل نکالتے ہیں۔ اس لئے جب اہل الشوریٰ مل بیٹھیں گے امیر کے انتخاب کی بات چلے گی تو ہو سکتا ہے اتفاق رائے ہی سے مسئلہ حل ہو جائے - اور اگر کوئی اختلاف پیدا بھی ہوگیا تو وہی مجلس اس کا حل بھی ان شاء اللہ نکال لے گی۔ شوریٰ کا مطلب ہی یہ ہوتا ہے کہ پیدا شدہ مسائل کا حل ڈھونڈا جائے اس وقت ہمارے سامنے مسئلہ یہ نہیں کہ امیر کے انتخاب کا کون سا طریقہ متعین کیاجائے۔ بلکہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ امیر کس کو بنایا جائے۔ اہل علم جمع ہو کر یہ کام کریں جو جو مسائل پیدا ہوتے رہیں ان کو بھی ساتھ ساتھ حل کیا جائے۔

(ب) امیر کے لئے شخصیت کے چناؤ میں اختلاف واقع ہو جائے اور ایک سے زیادہ گروپ بن جائیں تو اس کا کیا حل کیا ہے۔

(ا) صحابہ کرام وہ مسائل پیدا ہونے پر ہی ان کا حل سوچتے تھے۔ محض تصور میں نہ تو اختلاف پیدا کرتے تھے اور نہ اس کو حل کرنے کا تکلف فرماتے تھے۔ کیونکہ جب بھی تدبیری معاملات میں اختلاف رونما ہوتا ہے تو اس کے کچھ اسباب ہوا کرتے ہیں اور اسباب کا تعلق حالات سے ہوا کرتا ہے اس لئے ان اختلافات کا ان حالات میں ہی اسباب دور کرکے حل نکال لیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے شریعت نے اس میدان میں آزادی دی ہوئی ہے ہم خواہ مخواہ پابندی اختیار کرنا چاہتے ہیں۔ دراصل ہم جمہوری ماحول سے اس حد تک متاثر ہیں کہ اب ہم یہ سمجھتے ہیں کہ شاید امیر کا انتخاب ایک بہت بڑا معرکہ ہوتا ہے اور دنگل کا سا سماں ہوتا ہے۔ حالانکہ جب شرعی امیر کا تصور اور اس کی ذمہ داریاں سامنے ہوں تو کوئی شخص جو اللہ کا خوف رکھنے والا ہو امیر بننے

کی خواہش تو کجا اس سے بھاگنے اور کترانے کی کوشش کرے گا جمہوری ماحول میں جس قدر امیر بننے کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ للّٰہیت کے شرعی اور دینی ماحول میں اسی قدر امیر نہ بننے کی تمنا ہوتی ہے۔ اس لئے اول تو اس ماحول میں اختلاف سر اٹھاتا ہی نہیں عموماً اتفاق رائے ہو جایا کرتا ہے اور اگر تھوڑا بہت اختلاف ہو بھی جائے تو اہل علم نہایت اخلاص کے ساتھ اس کو دور کر لیا کرتے ہیں (انما یخشی اللہ من عبادہ العلمٰوا) اور اللہ کی نصرت بھی نازل ہوا کرتی ہے۔

(ب)لگتا ہے آپ کسی ایسے امیر اور ایک ایسی شوریٰ کا تصور پیش کر رہے ہیں جو کم از کم اس دور میں ممکن نہیں۔

(ا) ہم اللہ کے فضل سے یہ ایمان رکھتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ کے فرمان کے مطابق طائفہ منصورہ ہر دور اور ہر زمانے میں قائم رہے گی۔ اگرچہ ان کی تعداد قلیل کیوں نہ ہو طائفہ منصورہ اللہ کے رسول ﷺ کی جماعت ہے گویا یہ جماعت صحابہؓ کے طرز کے لوگوں پر مشتمل ہے۔

یہ تو عقیدہ ڈاکٹر اسرار اور دوسرے لوگوں کا ہے کہ صحابہ کے بعد اب دوبارہ خلافت راشدہ قائم ہونا ناممکن ہے۔ وہ خلافت عامہ کی اصطلاح استعمال کر کے جمہوریت کو تحفظ فراہم کر رہے ہیں۔ ہم تو یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ خلافت راشدہ انشاء اللہ پھر دنیا میں قائم ہو کر رہے گی۔ اس کے لئے ہر زمانے میں معیاری لوگ مل سکتے ہیں۔ اس کی تیاری کے لئے شخصیات کے افکار و واقعات کو بنیاد بنانے کی بجائے خالصتاً قرآن و حدیث کی بنیاد پر افراد سازی کرنا ہو گی اس کے لئے ہم کو مایوس ہونے کی ضرورت نہیں اس وقت اگر ایسے معیاری لوگ نہیں ہیں یا کم تعداد میں موجود ہیں تو ہم خود اس کے لئے محنت کریں۔

(ب) آپ کے نزدیک امیر کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟

(ا)امیر کی ذمہ داریاں یہ ہیں مثلاً جماعت کو منظم کرنا۔ جہاد میں عملاً" شرکت اور دنیا بھر کی جہادی تحریکوں سے رابطے اور ان کا تعاون ' بیت المال قائم کرنا جماعت کے غرباء و مساکین کی کفالت کا بندوبست ' مدارس اور مساجد کے نظام کو بہتر بنانا' تعلیم و تربیت کے لئے پالیسی ترتیب دینا اور اس کی منصوبہ بندی کر کے عمل در آمد کرانا

[illegible] عبدالقدوس سلفی

جمہوریت کیا ہے؟

شرعی نقطہ نظر سے اس سوال کے مختلف جوابات درج ذیل ہیں۔

جمہوریت شرک ہے

ا۔ اگرچہ پاکستان کے دستور میں اللہ کی حاکمیت کو تسلیم کیا گیا ہے مگر عملاً یہ بات نہ شرمندہ تعبیر ہو سکی اور نہ ہی اس کا ہونا ممکن ہے۔ وجہ یہ ہے کہ جمہوری نظام کی ساخت ہی کچھ ایسی ہے جو بہر طور عوام کی حاکمیت پر منتج ہوتی ہے قانونی حاکمیت تو پارلیمنٹ کے پاس ہوتی ہے اور سیاسی حاکمیت عوام کے پاس، جنہیں سیاسی شاطر ہر دم نچاتے رہتے ہیں۔

اسلام میں "حاکمیت" خواہ قانونی ہو یا سیاسی پوری کی پوری صرف اور صرف اللہ کے پاس ہے۔ جس میں کوئی نبی بھی شریک نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا پارلیمنٹ کی قانونی بالادستی تسلیم کرنا اور طاقت کا سرچشمہ عوام کو سمجھنا کھلا ہوا شرک ہے۔

جمہوریت کفر ہے

جمہوریت میں تمام فیصلے اکثریت کی بنا پر طے پاتے ہیں جبکہ قرآن کی رو سے فیصلہ ما انزل اللہ یعنی شریعت (کتاب و سنت) کے مطابق ہونا چاہیے۔ اور جو لوگ ما انزل اللہ کے مطابق فیصلے نہیں کرتے انہیں اللہ تعالیٰ کافر، ظالم اور فاسق قرار دیتا ہے (۴۴، ۴۵، ۴۷۔ ۵)

جمہوریت گناہ کبیرہ ہے

۳۔ جمہوریت میں سیاسی پارٹیوں اور حزب اختلاف کا وجود ناگزیر ہے جن کے بغیر جمہوریت کی گاڑی ایک قدم آگے نہیں چل سکتی مگر اسلام کی رو سے پارٹی بازی گناہ کبیرہ ہے۔

واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا (۳/)

ترجمہ: اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑے رہو اور فرقے فرقے نہ ہونا۔

اسی پارٹی بازی کو دوسرے مقام پر شرک قرار دیا ہے۔

ولاتکونوا من المشرکین من الذین فرقوا دینهم وکانوا شیعا (۳۰/۳۲)

ترجمہ اور مشرکوں میں نہ ہونا۔ ان میں جنہوں نے دین میں تفرقہ بازی کی اور ٹکڑے ٹکڑے بنا دیا۔ اور تیسرے مقام پر اس پارٹی بازی کو اللہ کا عذاب قرار دیا گیا ہے۔ ارشاد باری ہے۔

اویلبسکم شیعا ویذیق بعضکم باس بعض (۶/۵۹)

ترجمہ یا تمہیں فرقے فرقے بنا دے اور آپس میں بھڑا کر (لڑائی) کا مزہ چکھادے۔

جمہوریت معصیت ہے

۴۔ اسلامی نقطہ نظر سے طلب امارت حرام ہے ارشاد نبوی ہے۔

انا واللہ لا نولی علی هذا العمل احدا سائله ولا احدا حرص علیه (مسلم - کتاب الامارۃ - باب النہی عن طلب الامارۃ والحرص علیہ)

ترجمہ: خدا کی قسم ہم اس شخص کو حاکم نہیں بناتے جو امارت طلب کرے یا اس کی طمع رکھے۔

دیکھئے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم قسم اٹھا کر فرما رہے ہیں کہ مانگنے والے تو درکنار، امارت کی طمع رکھنے والوں کو بھی امارت نہیں دیتے۔ لیکن جمہوریت میں طلب امارت تو درکنار، اس کے لئے کنویسنگ، اشتہار بازی اور دربدر کی خاک بھی چھاننا پڑتی ہے۔ پھر یہ کیونکر جائز ہوسکتی ہے!

۵۔ اسلام میں امارت ایک ذمہ داری ہے۔ لیکن جمہوریت میں یہ ہر ایک کا حق ہے۔ اس حق کو حقدار تک پہنچانے کے لئے ہر پانچ سال بعد الیکشن کرانا پڑتے ہیں۔ اس الیکشن بازی پر حکومت رعایا دونوں کا بے انداز خرچ ہوجاتا ہے۔ اور ناکام امیدواروں کا (جن کی تعداد کامیاب ہونے والوں سے کئی گنا زیادہ ہوتی ہے) تو پیسہ بالکل برباد ہوجاتا ہے۔ اس ضیاع مال کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں۔

۶۔ الیکشن کے دوران جن اخلاق سوز گھناؤنے جرائم کا ارتکاب کیا جاتا ہے وہ سب جانتے ہیں۔ ایسے ہی جرائم نے الیکشن کو ایک گندہ کھیل بنا دیا ہے ایسی تمام حرکت و

افعال اسلامی نقطہ نظر سے کبیرہ گناہ ہیں۔

۷۔ جمہوریت میں عورت بھی ووٹ اور منصب حتی کہ امارت کا اتنا ہی حق رکھتی ہے جتنا ایک مرد رکھتا ہے۔ حالانکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تمہارے معاملات تمہاری عورتوں کے حوالے ہوں تو اس وقت تمہاری زندگی سے تمہاری موت بہتر ہے۔ (ترمذی بحوالہ مشکوۃ باب تغیر الناس)

۸۔ پھر اس عورت کے حق سے ایک اور گناہ جنم لیتا ہے اور وہ ہے اختلاط مرد و زن جمہوری تہذیب کا تقاضا ہی یہ ہے کہ پردہ کو ختم کرکے آزادانہ اختلاط مرد وزن کی راہیں کھولی جائیں جبکہ اسلام نے حجاب کا مربوط سلسلہ اسی اختلاط کے سد باب کے لئے پیش فرمایا ہے۔

جمہوریت صریح گمراہی ہے

۹۔ جمہوریت کا بنیادی اصول کثرت رائے کا برحق ہونا ہے۔ جبکہ قرآن کریم کی رو سے عوام کی اکثریت صرف خود ہی جاہل اور گمراہ نہیں ہوتی بلکہ کسی عقلمند کو بھی گمراہ بنا دیتی ہے۔ ارشاد باری ہے۔

ان تطع اکثر من فی الارض یضلوک عن سبیل اللہ (٦/)

ترجمہ: اگر آپ اکثریت کے پیچھے لگیں گے تو وہ آپ کو اللہ کی راہ سے گمراہ کردے گی۔ قرآن مجید کی تقریبا ۹۰ آیات ایسی ہیں۔ جن میں اکثریت کو جاہل' ظالم' فاسق' کافر اور مشرک قرار دیا گیا ہے۔ اور یہ خطاب مسلمانوں اور کافروں سب کے لئے عام ہے۔ کیونکہ لوگوں میں اکثریت جاہل' ظالم' فاسق اور مشرک ہی ہوتی ہے۔ ارشاد باری ہے۔

وما یومن اکثرھم باللہ الا وھم مشرکون (١٠٦/١٢)

ترجمہ: اور اللہ پر ایمان لانے والوں میں سے اکثر ایسے ہیں جو اس کے ساتھ شرک بھی کرتے ہیں۔

جمہوریت خلاف عقل ہے

کیونکہ اس میں

۱۰۔ بے وقوفوں اور جاہلوں سے ووٹ لیا جاتا ہے حالانکہ کوئی عقلمند آدمی دوسرے

معاملات میں ایسا کبھی نہیں کرتا۔

۱۱۔ عقل مند اور بے وقوف، خاکروب اور وزیر سب کی رائے کی قیمت یکساں قرار پاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ تو فرماتے ہیں۔

هل يستوى الذين يعلمون والذين لايعلمون (۹ / ۳۹)

ترجمہ: کیا عالم اور جاہل برابر ہو سکتے ہیں؟

هل يستوى الاعمى والبصير (۱۶ / ۱۳)

ترجمہ: کیا نابینا اور بینا برابر ہیں

لیکن جمہوریت نواز بتلاتے ہیں کہ گدھے اور گھوڑے کی قیمت ایک جیسی ہونی چاہیے۔

یہ ہے وہ جمہوریت جسے آج کا مسلمان ناواقفی کی وجہ سے اپنے سینے سے لگائے ہوئے ہے۔

مولانا عبدالرحمٰن کیلانی

الداعی القرآن والحدیث : طلبا مرکز الدعوۃ والارشاد پاکستان